ڈیڑھ کلو بڑا گوشت بغیر ہڈی کا لیں۔ بڑے بڑے ٹکڑے لیں۔ مریض کو سامنے بٹھا کر اس پر اکیس یا اکتالیس اور معمولی آسیب کے لیے گیارہ بار پڑھ کر دم کریں۔ ساتھ ہی پانی پر بھی دم کریں۔ یہ گوشت مریض یا اس کے لواحقین کسی ویرانے میں رکھ آئیں اور سلام کر کے رکھنے کا مقصد بیان کر دیں۔ ان شاء اللہ، گیارہ یوم میں آسیب سے نجات مل جائے گی۔

## سورۃ رحمن کے ذریعے آسیب سے نجات

یہ عمل صرف سخت آسیب کے لیے کیا جائے۔ مریض روزانہ کانوں میں ہینڈز فری لگا کر سورۃ رحمن کی تلاوت تین وقت سنا کرے۔ ایک بار زوال سے قبل، ایک مغرب سے پندرہ منٹ قبل اور ایک بار سوتے وقت۔ ساتھ ہی سورۃ رحمن تین بار، جس میں ''یمعشر الجن'' والی آیت کی تکرار گیارہ یا اکیس بار کی گئی ہو، پانی پر دم کر کے دے دیں۔ پانی نہار منہ اور ہر بار سورۃ رحمن سننے کے بعد پینا ہے۔ یہ عمل گیارہ یا اکیس یوم کیا جائے۔ ان شاء اللہ، سخت آسیب سے مکمل نجات مل جائے گی۔

## سورۃ جن کے ذریعے آسیب سے نجات

سورۃ جن کو زعفران سے لکھ کر پانی کی ایک بوتل میں ڈال دیں اور اکیس یوم تک روزانہ نہار منہ اور سوتے وقت یہ پانی مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ، آسیب پیچھا چھوڑ دے گا۔

## آیت الکرسی کے ذریعے آسیب سے نجات

آیت الکرسی کا اکتالیس بار والا تعویذ دے کر اس پر اکتالیس بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں۔ پھر روحانی عطر حفاظت لگا کر مریض کو پینے کے لیے دیں اور اکتالیس بار، اکتالیس دن روزانہ پڑھ کر دم اپنے جسم پر دم کرنے کا بھی کہیں۔ ان شاء اللہ، شفاء ہوگی۔

## معوذتین کے ذریعے آسیب سے نجات

سخت آسیب ہو تو تین سو تیرہ بار تین یوم گھر والے مل کر پڑھیں۔ مریض کو باوضو درمیان میں بٹھائیں۔ مریض پر دم نہیں کرنا۔ صرف اس کے پاس بیٹھ کر پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ، آسیب مریض کا پیچھا چھوڑ دے گا۔

## مندرہ کبیر کے ذریعے آسیب سے نجات

مریض کو سامنے بٹھا کر مندرہ کبیر کو تین، سات یا گیارہ بار دم کریں۔ پھر پانی، چینی اور دھونی پر بھی اتنی ہی تعداد میں دم کریں۔ ایک ہفتہ کا علاج ہے۔ اس طرح تین ہفتہ کریں۔

## نورانی مندرہ کے ذریعے آسیب سے نجات

پانی اور تیل لے کر ان پر نورانی مندرہ تین یا سات بار دم کریں۔ اس طرح تین بار کریں۔ پھر یہ پانی اور تیل مریض کو گیارہ دن استعمال کرنے کو دیں۔ تیل روزانہ رات کو جسم پر ملنا ہے۔ پانی نہار منہ اور دن میں مزید تین بار پینا ہے۔ ان شاء اللہ، مریض کو آسیب سے نجات مل جائے گی۔

# آسیب نمبر

مولانا علی آفاق (مدیر ماہنامہ خزینۂ روحانیات)

آسیب ایک اہم مضمون، اہم موضوع ہے۔ اس کے متعلق لوگوں میں مختلف درست اور اکثر لوگوں میں غلط اور من گھڑت کہانیاں مشہور ہیں۔ جن کی بنیاد پر لوگ آسیب کے متعلق درست اور حقیقی معلومات سے عموماً دور ہیں۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ "جتنے منہ اتنی باتیں۔"

بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ آسیب ہوتا ہی وہ ہے کہ جو ہماری آنکھوں کے سامنے آ کر اپنی اصلی، حقیقی (خطرناک، خوفناک) صورت دکھائے۔ عام انسان کی شکل میں تو جنات کو تسلیم کرنا ان کے جذبات کی تسکین میں رکاوٹ ہے۔

خوفناک دانت، بال اور ڈراؤنی صورت ہی ان کو قبول ہوتی ہے۔ حالانکہ ایسا بالکل نہیں ہے۔ بلکہ جن ہمیں اگر نظر آئے اور ہم میں ان کو اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھنے کی صلاحیت موجود ہو تو وہ قبول صورت اور اسی شکل میں نظر آئیں گے جو ہم برداشت کر سکیں ورنہ ہمارے دماغی توازن کے کھو جانے کا شدید اور زبردست خطرہ بہر حال موجود ہے۔

بعض لوگوں کے خیال میں آسیب یا جنات مریض کے ہر وقت اندر موجود رہتے ہیں۔ جب جو اذیت، تکلیف یا پریشانی ہوئی، جھٹ سے بول پڑتے ہیں کہ ان کا بسیرا میرے پیٹ میں ہے، معدے میں ہے، جوڑوں میں ہے یا دماغ میں ہے۔ چوکی بٹھائی گئی ہے۔ جب کہ ان کے عمومی حالات، صحت، سوچ، دل دماغ، سوچ روزمرہ کے معاملات میں زمین آسمان کے فرق کے اعتبار سے بہتر ہو رہے ہوتے ہیں۔ جو اس بات کا واضح اور بین ثبوت ہوتا ہے کہ جنات، آسیب کا تسلط اب ختم ہو چکا ہے۔

اب جو تکلیف باقی ہے وہ جنات یا آسیب کے آپ کے اوپر مسلط ہونے کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ جنات جتنے عرصے آپ کے ساتھ رہے، دماغ جکڑا رہا۔ وہ ان دو سال میں جسمانی مرض کی صورت اختیار کر چکا ہے۔ اب ذہنی اور جسمانی علاج، نفسیاتی علاج آپ کے اس وہم، وسوسے اور سوچ و فکر کو درست کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس کا مشاہدہ ہم اپنے روزمرہ کے جنات کے مریضوں کے علاج کے دوران یا بعد میں عمومی اعتبار سے کرتے ہیں کہ معمولی سا جسمانی اور ذہنی علاج مکمل شفاء کی امید ثابت ہوتا ہے۔

بعض لوگ جنات یا آسیب کا تسلط سمجھتے ہیں اور اپنے کاموں کی خرابی، اپنے دماغ کی خرابی بنیاد پر، وہم، شک، وساوس کی بنیاد پر اپنے عزیزوں، دشمنوں کی کارستانی سمجھنے میں اور روحانی معالج کو بھی اسی بات پر اصرار کرنے کا عملی سبق دیتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر معالج بھی ہاں میں ہاں ملا کر روپے پیسے بٹورتے ہیں اور مریض مزید ذہنی خرابی اور نفسیاتی امراض کے جڑ پکڑنے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔

ہماری مجلس شوریٰ کے ساتھی علیم صاحب نے قصہ سنایا کہ ایک مریضہ نے سارا قصہ سنا کر یہ الزام لگایا کہ یہ سب کچھ میری دیورانی کر رہی ہے۔ اب معالج کو (علیم صاحب) حکم یہ دیا جا رہا تھا کہ آپ میری ہاں میں ہاں ملائیں اور پیسے وصول کریں۔ مگر انہوں نے انکار کر دیا تو پیسے بھی گئے اور مریضہ بھی چلی گئی۔ مگر سچ بول کر ایمان بچا لیا گیا۔

ہمارے بھی 25 سال کے تجربات میں بے شمار اور لاتعداد مریض خصوصاً خواتین ہمارے منہ سے اپنے دشمنوں، سسرال اور دیگر وغیرہ کا نام سننا چاہتے ہیں۔ جبکہ ہم آخرت کو سامنے رکھتے ہوئے انکار کر دیتے ہیں اور نتیجہ یہ ہوتا ہے سمجھدار اور عقل مند مریض علاج پر اور بے وقوف مریض افراد اور دشمنوں پر فوکس رکھ کر نامرادی رہتا ہے۔

کچھ لوگ جنات اور آسیب کو اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔ بلکہ بعض معالجین بھی اس قسم کے مرض میں مبتلا ہوتے ہیں اور بعض معالج تو کام نہیں صرف جنات کے نظر آنے پر اپنے عمل کے بارے میں شکوک و شبہات کا شکار ہو جاتے ہیں۔

ایک معالج کا اپنے جنات کے بارے میں شکوک و شبہات کا نتیجہ عمل کی ناکامی کی صورت میں نکلتا ہے۔ لہٰذا میرا مخلصانہ مشورہ یہ ہے کہ معالج اپنے

کام پر، مریض کی شفاء اور اس کے حالات کی اطلاع پر توجہ دیں۔ اپنی کھلی آنکھوں سے جنات کو دیکھنے کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے۔ اگر خدائے وحدہ لاشریک لہٗ نے اپنی مرضی اور مشیت کے مطابق یہ پردہ کھولنا اور اٹھانا ہوگا تو آپ کے اندر بھی یہ صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔ ورنہ یہ لاحاصل اور بے معنی بحث اور سوچ و فکر ہے۔ اس سے دامن بچا کر آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔

بعض مرتبہ آسیب و جنات مریض کا جسم چھوڑ کر دور چلے جاتے ہیں۔ علاج کے بعد اور علاج کے دوران اکثر یہ مشاہدہ ہوتا ہے کہ جنات و آسیب دور بیٹھ کر مریض کا دماغ کنٹرول کیا جاتا ہے۔

اب سر درد، غصہ، کندھوں پر بوجھ، جسم درد یا بار بار مختلف سوچوں کے حملے ہوتے ہیں۔ مریض سمجھتا ہے اور بعض مرتبہ اناڑی معالج بھی جنات کی حاضری یا موجودگی کا فتویٰ صادر کر دیتا ہے۔ حالانکہ ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا۔

جنات و آسیب پر قابو پانے کے لیے اپنے دماغ، نفسیات اور اعصاب کو مضبوط بنانے کے لیے ہومیوپیتھک علاج کے ساتھ ساتھ ورزش، واک، صحت مند اور خوشگوار سرگرمیوں کی مستقل عادت بنانا، سوشل ورک میں شریک ہونا، نماز مسجد میں ادا کرنا، سادہ خوراک کھانا، ثقیل اور بھاری غذا سے پرہیز کرنا، ذہنی اعتبار پر سکون رہنا، غصہ سے دور رہنا، بحث مباحثہ سے دور ہو کر دل و دماغ اعصاب کو پرسکون بنانا، نمک کا استعمال کم کرنا۔

ان ساری احتیاطی تدابیر کو اختیار کرتے ہوئے آسیب و جنات کے حل اور علاج کے لیے قرآن پاک کی صرف ایک آیت عرض کر رہا ہوں جو آپ کے ہر آسیبی مسئلے کا حل ہے۔

جنات زنا کرتے ہیں، جنات حاضری دیتے ہیں، جنات حاضر ہو کر بولتے ہیں، کندھوں اور دل و دماغ کو جکڑ کر غصہ دلاتے ہیں۔ اپنی مرضی کے کام کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ خواب میں نظر آتے ہیں۔ کھلی آنکھوں سے نظر آتے ہیں۔ جسم میں رہائش رکھتے ہیں وغیرہ۔

سورۃ الرحمن کی آیت کی يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ روزانہ چینی، پانی اور کھانے کی دیگر اشیاء پر دم کر کے کھانے پینے میں استعمال کروائیں۔ پانی زمین پر، پاک جگہوں پر چھڑکیں۔ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بتی بنا کر کثرت سے سنگھائیں۔ تعویذ بنا کر (بڑے سائز کا) کمرے میں سرہانے لٹکائیں۔

جس کو بھی آسیب لگ جائے بہتر ہے کسی متقی اور پرہیزگار عالم دین سے دم کرائے یہ گھر کا سربراہ اور بڑا دم کرے ورنہ خود مریض بھی اپنے اوپر دم کر سکتا ہے۔ سب سے پہلے مریض اور دم کرنے والا مکمل وضو کرے۔ پھر عامل اپنا حصار لگائے۔ دم یہ ہے:

**کلمہ طیبہ دس** (10) مرتبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

**تیسرا کلمہ دس** (10) مرتبہ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ أکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

**کلمہ توحید دس** (10) مرتبہ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ له الملك وله الحمد يحيى و يميت و هو حي لا يموت بيده الخير وهو على كل شيء قدير پڑھ کر دم کرنا ہے۔

دم کرنے کی خاص ترتیب یہ ہے کہ پہلے کلمہ طیبہ پڑھ کر زور سے پھونک ماریں، اس نیت کے ساتھ کہ اللہ کریم کے فضل سے میرے استاد محترم کے حکم سے آسیب نکل گیا ہے۔ پھر تیسرا کلمہ پڑھ کر اسی طرح دم کریں۔ پھر کلمہ توحید پڑھ کر دم کریں۔ اب ایک دم مکمل ہوا۔ اس طرح تین (3) دم کرنے ہیں۔ ان شاء اللہ الرحمن پہلے دم سے ہی مریض کی طبیعت بہتر ہو جائے گی۔ سات (7) دن مسلسل دم کرنے سے ان شاء اللہ مریض مکمل صحت یاب ہو جائے گا۔

# جماعت العاملین کے ماہر عاملین کی خدمات

**جگہ پر سے جنات کا قبضہ چھڑانا:** گھر، دفتر، گودام، بلڈنگ، فیکٹری، کھیت، پلاٹ، سکول، مدرسہ، کالج الغرض کسی بھی جگہ جنات کا قبضہ ہو، تعداد میں جتنے مرضی ہوں ان شاء اللہ، وہ جگہ کا قبضہ چھوڑ دیں گے۔ اس عمل کے لیے مقبوضہ جگہ پر عمل کرنا ہوتا ہے۔

**گھر بیٹھے جادو کا علاج:** جو لوگ ادارے میں آ کر علاج نہیں کروا سکتے، عامل کو گھر نہیں بلا سکتے، تعویذات بھی استعمال نہیں کر سکتے خاص کر ایسے افراد جو پاکستان سے باہر ہوں یا پھر وہ خفیہ طریقے پر اپنے مریضوں کا علاج کروانا چاہیں... ہر قسم کے جادو کی کاٹ ہو جائے گی، ان شاء اللہ۔

**ہر قسم کے جنات و جادو کا علاج:** جادو کسی بھی قسم کا ہو، جنات و آسیب و شیاطین چاہے جتنے مرضی ہوں مریض کی جان چھوٹ جائے گی۔ تعویذات، دم، ہانڈی یا جو ضروری عمل ہو، وہ کیا جائے گا۔ مریض کا روحانی معالج کے پاس، یا معالج کا مریض کے گھر جانا ...جو ضروری ہوا، کرنا ہوگا۔

**شوہر بیوی کے مسائل:** شوہر بیوی میں لڑائی جھگڑا، شوہر کا مارنا پیٹنا، بیوی روٹھ کر میکے گئی ہو اور واپس نہ آئے، شوہر بیوی کو لینے نہ آئے، شوہر خرچہ نہ دے، شوہر باہر ملک ہو اور رابطہ نہ کرے، شوہر یا بیوی کے ناجائز تعلقات، شوہر غیر عورتوں میں دلچسپی لے، بیوی غیر مردوں میں دلچسپی لے، شوہر بیوی میں محبت نہ ہو یا کم ہو، طلاق یا خلع تک معاملہ چلا جائے الغرض زوجین کا کوئی بھی معاملہ ہو، ان شاء اللہ وہ معاملہ حل ہو جائے گا۔

**سسرال کے مسائل:** ساس، سسر، نند، نندوئی، دیور، دیورانی، جیٹھ، جیٹھانی یا کسی بھی سسرالی رشتہ دار کی بدزبانی، برائی، جھگڑا، چغل خوری، بے عزتی کرنا، طلاق کروانے کی کوششیں کرنا، شوہر کے پیسے پر نظر اور بیوی پر خرچ نہ کرنے دینا ...الغرض سسرال کا کوئی بھی معاملہ ہو، ان شاء اللہ وہ معاملہ حل ہو جائے گا۔

**شادی کے مسائل:** رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، پسند کرنے کے باوجود خاموشی، منگنی یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا، خاص جگہ رشتہ طے ہونے میں لوگوں کا راضی نہ ہونا، رشتہ طے ہونے کے بعد نکاح نہ ہونا، نکاح ہونے کے بعد رخصتی نہ ہونا الغرض شادی کا جو بھی مسئلہ ہوگا، ان شاء اللہ حل ہوگا۔

**معاشی مسائل:** دکان / کاروبار میں آمدن رک جانا، جو بھی کام کریں تو اس میں نقصان ہونا، بیرون ملک سفر میں رکاوٹ، بداثرات کی وجہ سے معاشی رکاوٹ، بداثرات کی وجہ سے نوکری نہ ملنا یا جلد چھوٹ جانا، کاروبار میں مسلسل نقصان ہونا ... الغرض معاش کا جو بھی مسئلہ ہوگا، ان شاء اللہ حل ہوگا۔

**بندش:** بندشِ کاروبار، بندشِ دکان، بندشِ نوکری، بندشِ صحت، بندشِ رشتہ، بندشِ اولاد، بندشِ اولادِ نرینہ الغرض ہر طرح کی بندش ختم ہوگی، ان شاء اللہ۔

**محبت کے معاملات:** پسند کی شادی، محبوب کو شادی کے لیے راضی کرنا، بھائی بہنوں کے درمیان محبت، والدین اور اولاد کے درمیان محبت، دوستوں کے درمیان محبت، رشتہ داروں کے درمیان محبت، محرم لوگوں کے درمیان محبت الغرض جائز محبت کا جو بھی معاملہ ہوگا، ان شاء اللہ حل ہوگا۔

**دشمن کے معاملات:** جان و مال کا دشمن، ناجائز مقدمہ بازی، ناجائز قانونی کاروائی، سرکاری و غیر سرکاری اداروں میں خلاف درخواستیں دینا، جائیداد پر ناجائز قبضہ کرنا، حق نہ دینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، لوگوں کو خلاف کرنا، لوگوں میں برائیاں کرنا الغرض دشمن کا ہر معاملہ حل ہوگا، ان شاء اللہ۔

**زبان بندی، بغض و جدائی کے معاملات:** ہر خلاف بولنے والی کی زبان بندی، ناجائز تعلقات والوں میں جدائی، دشمنوں میں جدائی، غلط قسم کے دوستوں سے اولاد کی دوری، غلط لوگوں سے دوری و جدائی، کسی فرد کی دوسرے فرد سے جائز نفرت کرانا الغرض جو بھی معاملہ ہوگا، ان شاء اللہ حل ہوگا۔

**نوٹ** جماعت العاملین کے روحانی علاج کا ھدیہ لیا جاتا ہے۔ اس لیے پہلے استخارہ کریں، پھر تشریف لائیں۔ رقم کی واپسی کسی صورت نہ ہوگی۔

**رابطہ:** ناظم روحانی علاج گاہ 0305-7772772 ناظم جماعت العاملین حضرت مولانا کلیم اللہ ظفر صاحب 0304-7772772

# آسیب سے نجات کے اعمال

مولانا قاری محمد ممتاز (رکن روحانی علاج گاہ)

## آسیبی حاضری والے مریض کا علاج

اگر کسی پر آسیب کے اثرات ہو یا آسیب کی حاضری ہوتی ہو یا آسیب تنگ کرتے ہو تو آیت قطب اکتالیس (41) دفعہ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں پر دم کرے اور تیل پر دم کرے اور پانی پر دم کرے اور تیل مریض کے دونوں کانوں میں ایک ایک (1،1) قطرہ ڈالے اور پانی کا ایک ایک (1،1) گھونٹ مریض کو صبح، دوپہر، شام پلائیں تو ان شاءاللہ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

## آسیب کے تنگ کرنے سے نجات

اگر کسی کو آسیب تنگ کرتا ہو تو یہ والی آیت يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ۭ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ڏ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۝

اکیس (21) مرتبہ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں پر دم کرے اور پانی پر دم کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

## آسیب کی وجہ سے بخار و خوف کا علاج

اگر کسی شخص کو آسیب کے اثرات کی وجہ سے شدید بخار ہو یا خوف و دہشت کی وجہ سے بدن کپکپاتا ہو تو آیت الکرسی اکتالیس (41) بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پانی دے۔ اکتالیس (41) انار کے پتے لائے اور ہر پتے پر ایک (1) بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے اور اسی طرح اکتالیس (41) پتوں پر دم کرے اور ایک کلو پانی لے اور اس پانی کو آگ پر اُبال لے۔ جب پانی آدھا (1/2) کلو رہ جائے تو اُس کو اتار لے اور اُس پانی سے مریض کو پاک جگہ پر غسل کروائے تو ان شاءاللہ چند گھنٹوں میں بخار اتر جائے گا اور خوف و دہشت سے نجات مل جائے گی۔

## آسیب کو بھگانا

آسیب کو بھگانے کے لیے یہ نقش آسیب زدہ کے بازو پر باندھے۔ آسیب بھاگ جائے گا۔

| لا الہ | الا اللہ | محمد | رسول | اللہ |
|---|---|---|---|---|
| یا اللہ | یا رحمٰن | یا رحیم | یا ستار | یا غفار |
| یا کریم | یا وہاب | یا بدوح | یا غفور | یا شکور |

## آسیب کو گھر سے بھگانا

اگر کسی کے گھر میں آسیب ہو تو اس کی نجات کے لیے منزل ایک (1) بار پڑھ کر پانی پر دم کرے۔ ایک (1) مرتبہ صبح اور ایک (1) مرتبہ شام اور پانی کا گھر میں پاک کونوں پر چھڑکاؤ کرے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ آسیب وہاں سے بھاگ جائے گا۔ اس عمل کے لیے منزل کا عامل ہونا ضروری ہے۔ منزل کا عامل بننے کے لیے دارالعمل چشتیہ سے رابطہ کریں۔

# آسیب کو بوتل میں بند کرنے کا عمل

محمد علیم صاحب (رکن روحانی علاج گاہ)

متاثرہ مریض جس پر حاضری ہوتی ہو آیت الکرسی سات (7) بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ مریض کے بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پکڑ کر کسی شیشے کی بوتل میں ڈالیں اور سات (7) بار آیت الکرسی پڑھ کر حکم لگائیں کہ مریض پر جو آسیب ہیں، وہ بوتل میں آجائیں۔ جس مریض کی نظر کھلی ہوگی، اس کو آسیب قید ہوتے نظر آئیں گے اور دوسروں کو بوتل میں دھواں نظر آئے گا۔

اگر آپ اس قید آسیب کو کسی دوسری بوتل میں بند کرنا چاہتے ہیں تو اسی طرح یہ مکمل عمل دوسری بوتل میں کریں۔ گرفتار آسیب سے ہر طرح کا معاہدہ بھی کر سکتے ہیں۔ جلا بھی سکتے ہیں۔ قید بھی کر سکتے ہیں۔ یہ عمل آیت الکرسی کے بڑے درجے کا عامل ہی کر سکتا ہے۔ اگر آپ یہ عمل سیکھنا چاہتے ہیں تو آیت الکرسی کے چلہ کی اجازت روحانی درس گاہ، دارالعمل چشتیہ سے ہدیہ دے کر حاصل کریں اور بھرپور اعتماد سے یہ عمل سرانجام دے سکتے ہیں۔

# سرکش آسیب و جنات کے لئے خاص اعمال

رضوان الحسن (فیصل آباد)

## آسیب و جنات کو دور کرنے کا خاص عمل

چار (4) نقش روزانہ تحریر کریں اور بتی بنا کر مریض کے کمرے کے چاروں (4) کونوں میں اس طرح جلائیں کہ چراغ کا منہ مریض کی طرف ہو۔ چودہ (14) دن تک دورانیہ چالیس (40) یا اسی (80) منٹ تک جلائیں۔ سب سے پہلے یہ چار (4) طلسماتی نقش لکھ کر مریض کی چارپائی کے ہر پائے کے نیچے ایک ایک نقش رکھ دیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۱ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۴ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۹ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۷۴ |
| ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۸ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۷۵ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۰ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۵ |
| ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۷۶ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۹۱ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۲ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۷۹ |
| ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۸۳ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۷۸ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۷۷ | ۶۶۱۸۴۷۱۵۹۹۰ |

یہ نقش چودہ (14) دن تک صبح و شام پلائیں اور ایک (1) نقش کا حفاظت کے لئے تعویذ بنا کر گلے میں ڈال لیں۔ گلے میں ڈالنے اور پینے والے تعویذ:

| | | |
|---|---|---|
| (۶) ۱۰۸۹ | (۷) ۱۰۹۱ | (۲) ۱۰۸۵ |
| (۱) ۱۰۸۴ | (۵) ۱۰۸۸ | (۹) ۱۰۹۳ |
| (۸) ۱۰۹۲ | (۳) ۱۰۸۶ | (۴) ۱۰۸۷ |

یہ عمل مسلسل چودہ (14) دن تک کریں۔ ضرورت پڑنے پر اٹھائیس (28) دن تک کریں۔ ان شاء اللہ مکمل شفاء ہوگی۔

## جسم سے آسیب کو نکالنے کا خاص عمل

اگر کسی مریض کے جسم میں آسیب یا جنات کی حاضری ہوتی ہو تو یہ نقش چودہ (14) دن تک روزانہ صبح شام ایک (1) تعویذ پورے جسم پر مل کر جلائیں۔ جسم پر مل کر جلانے والا نقش:

الساعة الساعة الساعة الساعة الساعة

العجل نمرود الوحا

ھامان

ھامان

العجل قارون الوحا

شداد

فرعون

ابلیس علیھم

العجل لعنت الوحا

## جنات وشیاطین کے اثرات سے حفاظت کا زبردست عمل

صبح و شام اکیس (21) بار پڑھ کر سارے جسم پر دم کریں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے آسیب وشیاطین سے حفاظت ہوگی۔

وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ

لاحول ولا قوۃ الا باللہ

(بقیہ ص 84)

# آسیب زدہ مریضوں کی تشخیص کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

## پہنے ہوئے کپڑے کے ذریعے تشخیص کرنا

** مریض کا ایک رات کا پہنا ہوا اوپری حصہ (بنیان، قمیض یا شرٹ) کا کپڑا لیں اور اس پر بالشت سے نشان لگائیں۔ پھر اس پر سات (7) بار سورۃ الکافرون پڑھ کر دم کریں اور پھر ناپیں۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو اثر جنات و آسیب کا ہے۔ کم ہو جائے تو جادو کا ہے۔ کچھ تبدیلی نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔ جو نتیجہ نکلے اس کو نوٹ کر لیں۔ پھر دوبارہ کپڑے پر دم کریں۔ مذکورہ اصول پر دوبارہ نتیجہ دیکھ لیں۔ اسی کے مطابق علاج کریں۔

## دم سے تشخیص کرنا

** مریض پر مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر دم کریں۔ مکمل عمل پڑھ کر دم کرنا ہے۔ اگر تکلیف یا مرض میں اضافہ محسوس ہو تو جنات و آسیب کا اثر ہے۔ اگر کمی محسوس ہو تو جادو کا اثر ہے۔ اگر کوئی فرق نہ پڑے تو بیماری ہے۔ یہ دم اس مریض کو کرنا چاہئے جس کو جسمانی تکلیف ہو۔

## کھلا کر تشخیص کرنا

** مرض کے متعلق معلوم کرنا مقصود ہو کہ روحانی ہے یا جسمانی تو برگ نیم چار (4) عدد لے کر ہر ایک پتے پر یہ آیت ۳-۳ بار پڑھ کر دم اور مریض کو کھلا دیں۔ آیت یہ ہے: لا یجلیہا لوقتہا الا ھو۔

اگر ذائقہ کڑوا ہے تو مرض بدنی ہے۔

اگر ذائقہ نمکین ہے تو علامت سحر یا جادو ہے۔

اگر ذائقہ میٹھا ہے تو اثر آسیب ہے۔

## نقش کے ذریعے تشخیص کرنا

۱) یہ نقش واسطے شناخت خلل آسیب کے لکھ جائے۔ اور جس پر آسیب کا شبہ ہو، اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے۔ اگر آسیب ہو گا تو بدن میں لرزہ وغیرہ طاری ہو گا۔ اور اگر بدنی مرض ہے تو بدستور حالت رہے گی۔ نقش یہ ہے:

٧٨٦

| ٣٢٦ | ٣٣٠ | ٣٣٣ | ٣١٩ |
|---|---|---|---|
| ٣٣٢ | ٣٢٠ | ٣٢٥ | ٣٣١ |
| ٣٢١ | ٣٣٥ | ٣٢٨ | ٣٢٤ |
| ٣٢٩ | ٣٢٣ | ٣٢٢ | ٣٣٤ |

یہ نقش محترم جناب صوفی کرم حسین گلاؤٹھی رحمہ اللہ حاضر باش و خادم قطب العالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ سے منقول ہے۔

۲) آسیب و سحر و مرض کو معلوم کرنے کے لئے باوضو یہ نقش لکھے۔ اور یہ اسماء سات (7) مرتبہ پڑھ کر تعویذ پر دم کر کے مریض کے ہاتھ پر رکھ دے۔ اور یہی اسماء سات (7) مرتبہ مریض پر پھونک دے۔ اگر سحر (جادو) ہو گا تو سر اور کان (گوش) بھاری ہوں گے۔ اگر آسیب ہے تو مریض کا ہاتھ کانپے گا۔ اگر بدنی مرض ہے تو کچھ اثر نہ ہو گا اور مریض حسب حال رہے گا۔ نقش یہ ہے:

٧٨٦

| ٣٢٤ | ٣٢٧ | ٣٣٠ | ٣١٧ |
|---|---|---|---|
| ٣٢٩ | ٣١٨ | ٣٢٣ | ٣٢٨ |
| ٣١٩ | ٣٣٢ | ٣٢٥ | ٣٢٢ |
| ٣٢٦ | ٣٢١ | ٣٢٠ | ٣٣١ |

### اسماء یہ ہیں:

مَلْغَشْفًا مَلْغَشْفًا مَلْغَشْفًا مَلْجِيْهَا لَنَا تِنَا اَنَمْ عَلَىٰ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حاضر آیند بند شوند

## باموکل اعمال

**آیت الکرسی باموکل:** شریر جنات وشیاطین کے خلاف مضبوط روحانی ہتھیار جو علاج اور حصار کے لیے بھی مجرب ہے۔

**آیت قطب باموکل:** ہر قسم جادو، جنات، نظر بد، شیاطین، آسیب وغیرہ سے نجات اور جائز مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔

**چہل کاف باموکل:** سخت جنات وجادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

**سورۃ اخلاص باموکل:** جنات وجادو سے نجات، دنیاوی ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

**سورۃ مزمل باموکل:** بڑے جنات، شیاطین وجادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار،ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔

**سورۃ یسین باموکل:** روحانی ترقی، ہر کام میں آسانی اور ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا عمل۔

**سورۃ فیل باموکل:** دشمن چاہے انسان ہو یا جنات، ان سے نجات کا مجرب عمل۔

**سورۃ جن باموکل:** جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

**سورۃ کوثر باموکل:** دشمن، واپسی سحر اور رزق کی فراخی کا خاص عمل ہے۔

**سلام قولا من رب رحیم باموکل:** تسخیر کے لیے بے مثال عمل ہے۔

**اللہ الصمد باموکل:** تسخیر اور حاجات پوری ہونے کا لاجواب عمل ہے۔

**آیت کریمہ باموکل:** مشکل سے مشکل کام کو آسان کرنے کا مجرب ترین عمل۔

**بسم اللہ باموکل:** ہر کام میں آسانی، رحمت، برکت اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

**حسبنا اللہ و نعم الوکیل باموکل:** ہر کام میں آسانی اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

## علوی اعمال

**چہل کاف (2-3-4-5):** چہل کاف حضرت غوث صمدانی قطب ربانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ایک خاص کلام ہے جو ہر جائز مقصد اور حاجت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ہر پریشانی دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔ مشائخ عظام، بزرگان دین، علمائے کرام اور عاملین و روحانی معالجین کثرت سے اس عمل کو کرتے آئیں ہیں اور کر رہے ہیں۔

**نوٹ** سحات سلام اور چہل کاف کے عمل میں جو چہل کاف ہے، وہ اس والے چہل کاف سے فرق ہے۔

**عمل حب خاص 1:** حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

**عمل حب خاص 2:** حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ عورتوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

**قصیدہ غوثیہ:** غوث اعظم پیران پیر حضرت عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا قصیدہ جس کے روحانی فوائد بے شمار ہیں۔

**عمل واپسی سحر 1:** سحر کو جادوگر اور جادو گروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

**عمل واپسی سحر 2:** سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

**عمل بندش کلاں:** جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔ اس عمل سے بہت جلد بندش لگ جاتی ہے۔

**خبر کا خاص عمل:** اس کے پیچھے مخلوق عامل کو فوری مریض کے بارے میں خبر دیتی ہے۔ جن عاملین کی سماعت کھلی ہو، ان کو آواز بھی آتی ہے۔

# روحانی دکان میں نئی آنے والی اشیاء

یہ اشیاء عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لئے بہت کارآمد اور آسانی کا ذریعہ ہیں تاکہ عامل حضرات بآسانی یہ اشیاء مریضوں کو استعمال کرواسکیں۔ آج کے دور میں وقت کی کمی اور برکت نہ ہونے کی وجہ سے دوسرے افراد کی طرح روحانی معالجین کو بھی مشکل پیش آتی ہے کہ کس طرح کم وقت میں زیادہ علاج تیار کیا جائے؟ پھر افرادی قوت کی کمی بھی ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ ان مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے کئی طرح کی نئی روحانی اشیاء تیار کی گئی ہیں جو عاملین اعتماد سے اپنے مریضوں کو استعمال کرواسکتے ہیں۔

## خوشبویات/دھونی دینے کیے لیے روحانی اشیاء

**روحانی اگربتی:** برائے فراخی رزق/کشائش رزق * برائے بندش * شفاء، مرض * شیطان * تسخیر

**روحانی بخور:** دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * حصول برکت * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے فراخی رزق کشائش رزق * برائے بندش * شفائے امراض * شیطان * تسخیر

**روحانی بخور سٹک:** * دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * حصول برکت * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے فراخی رزق/کشائش رزق * برائے بندش * شفائے امراض * شیطان * تسخیر

**روحانی عطر:** * دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * حصول برکت * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے فراخی رزق/کشائش رزق * برائے بندش * شفائے امراض * شیطان * تسخیر

روحانی گوگل * روحانی حرمل * روحانی لوبان

## کھانے پینے کی روحانی اشیاء

**روحانی نمک:** * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے بندش * برائے شفائے امراض * برائے شیطان

**روحانی چینی:** دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے بندش * برائے شفائے امراض * برائے شیطان

**روحانی آب شفاء:** * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے بندش * برائے شفائے امراض * برائے شیطان

**روحانی عرق گلاب:** * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے بندش * برائے شفائے امراض * برائے شیطان

**روحانی پھکی:** * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے بندش * برائے شفائے امراض * برائے شیطان

## جسم پر ملنے والی روحانی اشیاء

**روحانی صابن:** * دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات * دفع جناتی اثرات * دفع جادو * دفع نظر وحسد * دفع نحوست * واپسی سحر * برائے حفاظت * برائے بندش * شفائے امراض * شیطان

# خاص خاص اعمال

**تھیلی والا عمل:** سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ یہ عمل صرف ان عاملین کے لئے ہے۔

**ھانڈی والا عمل:** بڑے سے بڑے جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ کو جلانے اور ہر قسم کے جادو اور امراض سے شفاء حاصل کرنے کا خاص عمل ہے۔ اس عمل کے دو درجے ہیں۔

**کڑاھی والا عمل:** اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین، عامل جنات، جادوگر شیاطین و جنات کڑاہی میں جلتے ہیں۔

**بکرے کے صدقے کا عمل:** جنات یا جادو سخت نقصان دہ ہو جائے تو ان کے علاج کے لئے بکرے کے صدقے کا خاص عمل۔

**اونٹ کی ھڈی والا عمل:** ایسا عامل گھر یا کسی بھی جگہ سے جادو اور جنات کو نکالنے اور ان سے حفاظت کے لئے کام کرتے ہیں۔

**سری والا عمل:** جب سخت قسم کے جادو اور جنات کے ضدی اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔ جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کے لئے ضروری عمل۔

**حُب کی بیاض:** عاملین کے لیے محبت کے خاص الخاص اعمال۔ حُب کے مجرب اعمال کی بیاض۔ حُب کے اعمال کے متلاشی عاملین کے لیے ایک خاص تحفہ۔

**خزینہ مجربات:** دارالعمل چشتیہ کے خاص اعمال کا مجموعہ۔ کسی بھی عمل کی چلہ کشی کی ضرورت نہیں۔ اجازت ملتے ہی عامل تمام اعمال استعمال کر سکتا ہے۔

**حاضرات والا عمل:** ایسا عمل جس میں بچے کی قید نہ ہو۔ ایسے تمام افراد، اس عمل کا عامل بن کر اپنی دیرینہ خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

**۳۴ کے نقش کا عمل:** ۳۴ کا نقش ”علم النقوش“ کے بنیادی نقوش میں سے ہے اور روحانی علاج اور عملیات میں بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

# اعمال اولیائے کرام

**دعائے حزب البحر:** ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خاص عمل جو تمام جائز مقاصد کے لئے مجرب ہے۔

**دعائے حزب النصر:** شیخ ابوالحسن شاذلی کا عمل جو دشمن کے خلاف مضبوط ہتھیار ہے۔

**دعائے حزب النصر الاکبر:** امام الاولیاء غوث الاعظم پیران پیر حضرت قدس عبدالقادر جیلانی نوراللہ مرقدہ کی دشمنوں کے لیے ایک خاص دعا جو طریقہ قادریہ بو شیشیہ میں پڑھی جاتی ہے۔

**دعائے حزب البر:** ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خاص عمل جو ہر جائز مقصد کے لئے مجرب ہے۔

**دلائل الخیرات:** درود شریف کے مجموعے کی مشہور کتاب۔ روزانہ پڑھ کر فیض اٹھائیں۔

**برکات مکیہ:** مختلف درود شریف پر مشتمل شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب جس کے باقاعدہ ورد سے روحانی ترقی ہوتی ہے۔

**قصیدہ غوثیہ:** غوث الاعظم پیران پیر حضرت اقدس عبدالقادر جیلانی کا خاص قصیدہ۔

**قصیدہ بردہ:** روحانی ترقی، حصار اور ہر جائز حاجات پورا ہونے کے لیے مفید۔

**قصیدہ طوبیٰ:** اسماء الحسنیٰ پر مشتمل عمل جو شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

**قصیدہ حسنیٰ:** اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل عمل جو شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

**نوٹ** درج بالا اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال اولیائے کرام کے عمل روحانی درس گاہ میں کروائے جاتے ہیں۔

اگر کسی پر سایہ ہے اور کسی عمل یا دھونی تعویذ سے نہ جا رہا ہو تو اس عمل کو ہمارے طریقے کے مطابق استعمال کریں، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اگر بھوت، چڑیل، دیو مریض کو نہ چھوڑے تو اس کو ہمارے طریقے کے مطابق کریں، ناکامی نہ ہوگی۔ تجربہ کریں۔ ہماری زندگی کا تجربہ ہے۔ یہ طریقہ عام آدمی کے لیے ہے۔ عامل اس کو استعمال کرنا چاہے ہمیشہ کے لیے تو

| ۳۰۳ | | | ۲۵۸ |
|---|---|---|---|
| ۸ سیعان | ۱۱ نمرود | ۱۴ نمرود | ۱ فرعون |
| ۱۳ دقیانوس | ۲ حدیو | ۷ قارون | ۱۲ عاد |
| ۳ عسی اسمیعن | ۱۶ سیبیب | ۹ بے ایمان | ۴ شداد |
| ۱۰ ترابلیس | ۵ ہامان | ۴ زمین | ۱۵ ہامان |
| ۳۳۰ | بحرمت ایں نقش ہر بلا دور ہو | | ۱۲۳ |

(درمیان میں: یا الٰہی آئی بلا کو ٹال)

چونتیس (34) دن یہ تعویذ پندرہ (15) لکھ کر دریا میں ڈالے یا زمین میں دفن کرے، عامل ہو جائے گا۔ پھر کریں۔

تعویذ مبارک یہ ہے:

## طریقہ استعمال

اگر کسی پر آسیب، بھوت، چڑیل، دیو تنگ کر رہا ہو، جانے کا نام نہ لے رہا ہو۔ دو نفل حاجت وضو کر کے پڑھیں۔ سلام کے بعد تین (3) بار آیت الکرسی مبارک یا پانچ (5) سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنا حصار کریں۔ اپنے گھر کا حصار عامل کرے۔ پھر گیارہ (11) بار درود شریف ابراہیمی نماز والا تلاوت کریں۔ پانچ (5) بار سورۂ اخلاص، گیارہ (11) بار سورۂ فاتحہ شریف تلاوت کر کے ایک (1) بار درود شریف ابراہیمی پڑھ کر اس کلام کو سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کریں۔ اس کا ثواب سرکار دو عالم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلے سے تمام انبیائے علیہ السلام کی ارواح کو پہنچا کر تمام اولیائے کرام کی ارواح مبارک کو پہنچا کر اپنے لیے دعا کریں۔ پھر اس تعویذ کو تین (3) کاغذ سفید پر لکھیں۔ ایک تعویذ پر کالا دھاگہ یا نیلا یعنی آسمانی رنگ کا سوتی دھاگہ یا سوتی کپڑا لپیٹیں۔ جہاں پر بحرمت لکھا ہے، وہاں سے لپیٹنا ہے۔ جہاں پر ایک لکھا ہے اور ساتھ فرعون لکھا ہے، وہاں سے آگ لگا کر مریض کو دھونی دیں۔ مریض چلائے گا، پرواہ نہ کریں۔ اگر انکار کرے تو زبردستی پکڑ کر دھونی دیں۔ دوسرا تعویذ جہاں مریض لیٹتا ہے، وہاں اس کے سرہانے میں رکھ دیں۔ تیسرا تعویذ دیوار کے ساتھ لگا دیں جس پر مریض کی نظر پڑتی رہے۔ نقش لکھنے سے پہلے اور نفل پڑھنے سے پہلے برفی پاؤ کوئی اور مٹھائی بچوں میں تقسیم کرنے کے لیے پاس رکھیں اور پاؤ گوشت بھی پاس رکھیں۔ نقش لکھنے کے بعد گوشت ویران جگہ مریض کا ہاتھ لگوا کر ویران جگہ یا کمرے کی چھت پر پھینک دیں اور شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ یہ طریقہ تین (3) دن کریں۔ تیسرے دن کے بعد ایک (1) نقش مریض کے بازو پر باندھنے کے لیے دیں اور آٹھ (8) دن کی دھونی مریض کو بنا کر دیں۔ صحت ہونے پر سرکار دو عالم ﷺ کی نیاز اور تمام انبیائے کرام علیہ السلام حسب طاقت دلائیں۔ راکھ دریا میں ڈال دیں۔ جسم کو مریض صاف رکھے۔

# لوح تحفظ "جان ومال، جادو جنات"

## آسیب بدنظری، بندش، بداثرات

سید عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین محترم کو السلام وعلیکم! اُمید ہے آپ سب خیریت سے ہوں گے۔ ایک اپنے بزرگوں کا خاص اور مجرب عمل ہدیہ کر رہا ہوں جو اپنی مثال آپ ہے۔ لاعلاج امراض سخت جنات و آسیب جادو کے اثرات کا خاتمہ کرے اور آئندہ تحفظ کو قائم کریں، جادوگر ہر قسم کا زور لگائے مگر اثر زائل ہو جائے گا۔ یہ عمل قلندری وقادری سے ہے، سخت جادو اور لاعلاج امراض کا خاتمہ کرے گا۔ یہ عمل رجعت کے بداثرات سے بچاتا ہے، خاص کر کے حروف صوامت کی رجعت سے عاملین کے لئے بہترین لوح ہے۔

اس لوح کے یہی فوائد نہیں، بے شمار فائدے ہیں۔ کاروبار میں ترقی ملتی ہے، اخوت بھائی چارہ قائم رہتا ہے۔ نئے راستے کھلتے ہیں، دشمن زیر ہو جاتے ہیں۔ ہر کسی پر غلبہ رہتا ہے۔ یہ لوح جس کے پاس ہوگی جادو، جنات و آسیب کا زور نہیں چلے گا۔ اسے ہر کام میں کامیابی ملے گی۔ یہ لوح جنات آسیب و جادو کے خاتمہ کے لئے تیار کرنے کے لیے شرف مریخ میں مریخ کی ساعت میں تیار کریں۔ تین (3) عدد ہرن کی جھلی پر ایک ایک میں ڈالیں۔

دوسرا جہاں اس کی موجودگی ہو وہاں شیشے کے فریم میں لگائیں۔ تیسرا نقش گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائیں۔ ایک (1) مرغا ذبح لازمی کریں۔ لوح بننے سے پہلے ان شاءاللہ حامل لوح کو بہت فائدہ ہوگا۔ مجھے اور میرے تمام گھر والوں کو اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاوں میں یاد رکھیں۔

# آسیب سے نجات

حکیم عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

## دافع جن و آسیب

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۚ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا ۖ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۛ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ﴿۲۹﴾ (الفتح:۲۹)

کسی چینی کے ظرف میں لکھ کر زیتون کے تیل سے دھوئیں۔ پھر یہ تیل آسیب زدہ مریض کے بدن پر ملیں۔ ان شاء اللہ آسیب کا مرض دور رہے گا۔ مریض شفایاب ہو کر پھر کبھی اس مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔

## آسیب و جنات کی اذیت سے اہل خانہ محفوظ ہوں

سورۃ الصافات (پارہ نمبر ۲۳) کو لکھ کر اس کاغذ کو تنگ دہن شیشے کے ظرف میں رکھیں اور کسی صندوق میں رکھ دیں کہ جن فوج در فوج چلے آتے ہیں اور چلے جاتے ہیں مگر اہل خانہ کو کوئی اذیت نہیں دیتے۔

## مکان کی آسیب و جنات سے حفاظت

اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِیْدُ كَیْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق:۱۵-۱۷)

لوہے کے چار (4) کیل لے کر ہر کیل پر پچیس (25) مرتبہ یہ آیت مبارکہ دم کر کے اس مکان کے ہر کونے میں ایک کیل گاڑھ دیں۔

**ترکیب:** سب سے پہلے مریض کی تشخیص پختہ کریں کہ مریض کون سا ہے روحانی یا جسمانی مرض ہے؟؟؟

**1:** مریض پر حقیقت میں جنات کے اثرات ہیں؟؟؟

**2:** کیا مریض پر قرآنی عملیات یا سفلی جادو ٹونہ کے بد اثرات ہیں؟؟؟

**3:** کیا مریض پر بد نظر کے اثرات ہیں؟؟؟

**4:** کیا مریض جسمانی مرض میں مبتلا تو نہیں ہے؟؟؟

جب یہ بات پختہ حاصل ہو جائے کہ واقعی ہی مریض کو جناتی اثرات ہیں، تو ایسی حالت میں آپ اس جنتر کو استعمال کریں اور نتائج اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔ کیسے وہ جنات تکالیف میں مبتلا ہوتا ہے اور کمزور ہو کر بھاگ جائے گا۔ سب سے پہلے سیاہ سیاہی میں تھوڑا تمبا کو مکمل مکس کریں۔ تاکہ تمبا کو سیاہی میں مکمل یکجاں ہو جائے۔ اس کے بعد حصار کی حالت میں اس جنتر کو سفید پیپر پر سیاہ روشنائی سے چودہ (14) عدد تکسیر معکوس کی چال سے لکھیں۔ جب سارے جنتر تیار ہو جائیں تو اس کے بعد جنتروں کو سامنے رکھ کر یہ الفاظ پڑھیں۔ (ابلیس و ابلیس لشکر فوراً غرق شُد غرق شُد غرق شُد)

مندرجہ بالا الفاظ کو ایک ہزار آٹھ (1008) مرتبہ یا تین سو تیرہ (313) مرتبہ یا پھر ایک سو آٹھ (108) مرتبہ پڑھ کر سارے جنتروں پر تین (3) مرتبہ دم کریں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ مغرب کی اذان سے تقریباً 15 یا 20 منٹ پہلے مریض پر بڑا سا کپڑا ڈال کر اس کے بعد جنتر کو سرسوں کے تیل میں مکمل تر کر کے جنتر پر یہ ادویات تھوڑی تھوڑی ڈال دیں (تمبا کو، ہینگ، گوگل، پیاز کے چھلکے، لوبان، چرائتہ) پہلے ادویات کو باریک سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔ اس کے بعد سفوف کو جنتر پر تھوڑا استعمال کریں اور اس کے بعد جنتر کو سرخ انگارے پر رکھ کر مریض کو قریب سے دھونی دیں اور دھونی مریض کے آنکھوں، ناک، ہاتھ، پاؤں کے ساتھ سارے بدن پر دھونی لگائیں۔ بالکل اس ہی طرح سے روزانہ اس ہی وقت مریض کو دھونی دیتے رہیں۔ سات (7) دنوں تک دھونی کے دوران ناغہ نہ ہو اور بقایا سات (7) عدد جنتروں کو بھی مندرجہ بالا کی طرح بعد عشاء نماز روزانہ ایک ایک (1،1) جنتر کی دھونی مریض کو دیتے رہیں۔ مطلب کہ روزانہ وقت پر مریض کو دھونی دیتے رہیں۔ اللہ پاک کے کرم سے تھوڑے ہی دنوں میں مریض کو شفایابی اور تندرستی حاصل ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

**نوٹ:** علاج کے دوران مریض کو روحانی اور جسمانی تکالیف، ہڈیوں میں درد اور غصہ میں اضافہ ہوگا۔ مگر آپ علاج کے دوران بے فکر رہیں کیوں کہ جب مریض کا علاج شروع ہوگا علاج سے جنات کو بہت تکالیف ہوں گی۔ جنات مریض کو تکالیف دے گا اور مریض کو بے چین کرے گا اور عجیب عجیب وسوسہ پیدا کرے گا اور علاج کروانے میں رکاوٹیں پیدا کرے گا اور بعد میں جنات مجبور اور کمزور ہو کر بھاگ جائیں گے۔

**ہدایات:** علاج کے دوران مریض کو جنات کے مطابق پرہیز ضرور کروائیں کیوں کہ پرہیز آدھی شفاء ہوتی ہے۔

ابلیس سید الشیاطین نمرود

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابلیس ملعون | فرعون ملعون | ہامان ملعون | نمرود ملعون |
| شداد ملعون | ابلیس ملعون | فرعون ملعون | ہامان ملعون |
| نمرود ملعون | شداد ملعون | ابلیس ملعون | فرعون ملعون |
| ہامان ملعون | نمرود ملعون | شداد ملعون | ابلیس ملعون |

عزازیل

بحق حضرت سلیمان علیہ السلام ابن داؤد علیہ السلام سل ھم شیاطین۔ سایہ۔ آسیب۔ جنات۔ بلیات۔ آفات۔ خبیث مخلوقات۔ پریت و چڑیل سوختہ شود و دفع شود بحق اہیا اشراہیا العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا۔

ہامان قارون شداد

# مجربات دامانیہ

# مجرب اعمال برائے آسیب وجنات سے نجات

تحریر: عبداللطیف دمانی (ڈھنک جانی اسلام آباد)

قارئین کرام! میرے تجربے میں ہے اکثر خواتین وحضرات جن وآسیب زدہ کا ڈرامہ رچاتے ہیں۔ اپنے ساتھ ساتھ آنے والے پیر صاحب اور گھر والوں کو بھی بیوقوف بناتے ہیں۔ ایسے افراد اکثر ہٹ دھرم یا کرپٹ ہوتے ہیں۔

## آسیب وجنات کا سایہ (سرسوں کے تیل کا مجرب عمل)

سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ مرتبہ آیت قطب پڑھ کر تیل پر دم کریں۔ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد تیل پر زور سے دم کرنا ہے۔ اس کے بعد مریض کے بدن کی اس طرح مالش کرنی ہے کہ جسم کا کوئی حصہ مالش کرنے سے نہ بچے۔ اس بات کا بھی خیال رہے کہ تیل کی بوند بھی زمین پر نہ گرنے پائے اور نہ ہی کوئی دوسرا فرد تیل میں ہاتھ ڈالے۔ بدن پر جو شخص پہلے دن مالش کرے، آخر تک وہی شخص مریض کے بدن پر مالش کرتا رہے۔ وقت میں پل بھر کی کمی بیشی نہ آئے۔ خدا نے چاہا تو آسیب وجنات، بھوت پریت سب دفع ہو جائیں گے۔ بعد میں اس بات کا خصوصی خیال رکھنا ہے کہ مریض ساری عمر کالا کپڑا اور بالکل سبز رنگ نہ پہنے۔ آیت قطب یہ ہے۔ ثم انزل علیکم ...... علیم بذات الصدور (پارہ نمبر 4 سورۃ آل عمران، آیت نمبر 154)

## آسیب وجنات سے نجات (سورۃ قریش کا چلہ)

بروز جمعرات بعد نماز عشاء سورۃ قریش باوضو 3125 بار پڑھے۔ اسی طرح یہ عمل 40 روز تک بلاناغہ کرے۔ اس دوران ترک حیوانات اور پرہیز جلالی کرے۔ اگر پرہیز ٹوٹ گیا تو عمل ختم ہو گیا چلے کے بعد سب کچھ کھا سکتے ہیں۔ چالیسویں دن شرینی معصوم بچوں میں تقسیم کرے۔ اور اس کا ایصال ثواب بزرگوں کی طرف کرے۔ چلہ پورا ہونے کے بعد روزانہ سورۃ قریش اکیس (21) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ اگر ایک (1) دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن بیالیس (42) بار اور اگر دو (2) دن ہو جائے تو تریسٹھ (63) بار پڑھے اور اگر تین (3) دن مسلسل ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ اب دوبارہ چلہ کرنا پڑے گا۔ سورۃ قریش کا چلہ کرنے کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوں گے۔

1. اگر عامل کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہلا بھیجے گا تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔
2. اگر عامل سات (7) بار باوضو سورۃ قریش پڑھ کر عطر یا پھول دم کر کے مریض کو سنگھا دے گا تو آسیب فوراً حاضر ہو گا۔
3. اگر عامل باوضو سات (7) مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ پر چھینٹے مارے گا تو آسیب چیخنے لگے گا اور چلائے گا اور مثل آگ کے جلے گا۔
4. اگر آسیب دوران گفتگو پریشان کرتا ہو تو ایک سو ایک (101) مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھا دے۔ ان شاء اللہ، آسیب وجن عاجز اور تنگ ہو کر راہ فرار اختیار کرے گا اور بھاگ جائے گا۔
5. ہر مریض کو عامل باوضو سورۃ قریش گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر ایک (1) گلاس پانی پر دم کر کے پلائے تو ان شاء اللہ مریض کو ہر مرض سے نجات ملے گی۔

## گھر میں آسیبی وجناتی اثر دور کرنا

اگر کسی کے گھر میں آسیب یا جن کا اثر اور کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو اس کیلئے یہ عمل نہایت ہی مجرب اور فائدہ مند ہے۔ پوری سورۃ بقرہ بلند آواز سے روزانہ ایک (1) وقت مقرر پر ایک (1) ہی بیٹھک میں تلاوت کریں اور ایک کورے مٹکے میں پانی بھر کو اس پر دم کریں اور وہ پانی غسل خانے، پاخانے والی جگہ کو چھوڑ کر کونوں میں ہلکا ہلکا چھڑکیں۔ پانی ان اوقات میں چھڑکا جائے: 1۔ صبح سات (7) بجے، 2۔ دن گیارہ بجے، 3۔ بعد نماز عصر، 4۔ بعد نماز عشاء۔ عشاء کی نماز کے بعد اونچی آواز سے اذان گھر میں چاروں کونوں میں دینی ہے لیکن اذان کی آواز گھر سے باہر نہ جائے۔ یہ عمل اکتالیس (41) یوم کرنا ہے۔ ان شاء اللہ گھر میں جنات اور آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور گھر رہنے کے قابل ہو جائے گا۔ گھر میں برکت ہی برکت پیدا ہو گی۔

# جادو و آسیب کی مشترکہ علامتیں

حضرت مفتی محمد شاکر القادری مدظلہٗ

جاگنے کے بعد جسم کا درد کرنا، بہت زیادہ تھکاوٹ محسوس کرنا، طبیعت میں چڑچڑاپن اور تنہائی پسند کرنا، ہمہ وقت یہ محسوس کرنا کہ کوئی دیکھ رہا ہے یا کوئی ساتھ ہے، ذہن کا ماؤف ہو جانا، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو جانا، غیر ارادی حرکات کا سرزد ہونا، یہ محسوس کرنا جو کام کر رہا ہوں، کوئی کرا رہا ہے یا جو بات کہہ رہا ہوں کوئی کہلوا رہا ہے، گھر والوں، بیوی، بچوں، بھائی، بہنوں سے نفرت محسوس کرنا، عورتوں کے کثرت سے بال جھڑنا، جسم میں کٹ لگنا یا خون کے چھینٹے گرنا، جسم پر بال نظر آنا، بالوں اور کپڑوں کا کٹنا، آنکھوں کے سامنے دھاگے، بال، سانپ وغیرہ نظر آنا، آنکھوں میں تیز چمک کا پیدا ہونا، سانس لینے میں تنگی محسوس کرنا، دل کی دھڑکن کا تیز ہونا، چھوٹی چھوٹی باتوں پر شدید غصہ ہونا، کہی اپنی ہی ہو پھر بھی اقرار نہ کرنا، رشتہ داروں دوست و احباب وغیرہ سے بلا وجہ اچانک بڑے فتنہ فساد پیدا ہونا، بہت زیادہ شکوک وشبہات میں رہنا، انجانے خوف میں گھرا رہنا کہ آج مر جاؤں گا کل مر جاؤں گا، سر سینے کمر کے نچلے حصے یا کاندھوں میں دباؤ درد محسوس ہونا، جسم کے کسی حصے عموماً سر یا معدہ میں مستقل درد رہنا، دوا وغیرہ سے فائدہ نہ ہونا، متلی ہونا، قے آنے کا احساس ہونا لیکن نہ آنا، پاؤں کی ایڑیوں اور پنڈلیوں میں درد رہنا، سستی کا عادی ہو جانا، بکثرت جمائی آنا، بہت زیادہ بھولنا، اکثر نیند کا غلبہ رہنا، نماز، قرآن، اذان وغیرہ سے تنگی محسوس کرنا اور دین کے بارے میں کفریہ خیالات کا آنا، مسجد جانے سے گھبرانا۔

بیت الخلاء میں دیر تک ٹھہرنا، گناہوں کی جانب شدت سے بڑھنا، بلا وجہ رونے کا دل کرنا، گھر میں دل نہ لگنا، بے چین رہنا، ایسا محسوس کرنا کہ کوئی آوازیں دے رہا ہے، جسم سے یا منہ سے بہت سخت بدبو کا محسوس کرنا، کاروبار کا اچانک بند ہو جانا، رشتوں کا آنا لیکن بلا سبب ٹوٹ جانا، عورتوں کے مخصوص ایام میں بے ترتیب ہو جانا، شادی کے برسوں بعد بھی حمل نہ ٹھہرنا یا حمل گر جانا، بے تکی باتیں کرنا، ٹکٹکی باندھ کر ترچھی نگاہ سے دیکھنا، اپنی حالت شکل وصورت کا کوئی خیال نہ رکھنا، کوئی پرچھائیاں دکھنا یا محسوس کرنا۔ یہ علامات وہ ہیں جو اکثر آسیب و جادو زدہ کے اندر پائے جاتے ہیں۔ ایسے مریضوں کی نشاندہی کے بعد ہی نقوش کا انتخاب کریں۔

**علامات آسیب:** آسیب زدہ مریض کی آنکھیں نیچی رہیں گی کہ وہ نظر سے نظر ملا کر نہیں دیکھے گا بلکہ انھیں نیچی رکھے گا۔ کوئی دوا اثر نہیں کرتی۔ مرض کی شکل اختیار کرلے گا۔

مندرجہ نقش کے ذریعہ ان علامات کا پتہ لگایا جاسکتا ہے اور معلوم بھی کیا جاسکتا ہے کہ مریض پر کسی کا اثر ہے۔ ان نقوش کا ذکر پہلے بھی ہو چکا ہے لیکن سہولت کے مدنظر واپس نظر عالمین ہے۔

**نمبر ۱** کے نقش کو مریض کے دائیں ہاتھ میں دے کر پانچ (5) منٹ تک پکڑائے رکھیں۔ اگر ہاتھ میں وزن معلوم ہو، بھاری پن آجائے تو جادو ہے ورنہ بیماری ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۴۴ | ۳۲۷ | ۳۳۰ | ۳۱۷ |
| ۳۲۹ | ۳۱۸ | ۳۴۳ | ۳۲۸ |
| ۳۱۹ | ۳۳۲ | ۳۲۵ | ۳۲۲ |
| ۳۲۶ | ۳۲۱ | ۳۲۰ | ۳۳۱ |

**نمبر ۲** سے نقش کی تاثیر زیادہ ہے۔ اس نقش کو مریض کو دیتے ہی پانچ (5) منٹ میں جن حاضر ہو جاتا ہے اور بعض مرتبہ صرف ہاتھ میں لرزہ کپکپی ہوتی ہے تو بھی سمجھ لینا چاہئے کہ جن کا اثر ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲۶ | ۳۲۹ | ۳۳۲ | ۳۱۹ |
| ۳۳۱ | ۳۲۰ | ۳۲۵ | ۳۳۰ |
| ۳۲۱ | ۳۳۴ | ۳۲۷ | ۳۲۴ |
| ۳۲۸ | ۳۲۳ | ۳۲۲ | ۳۳۳ |

# حزب البحر سے آسیبی مریضوں و آسیبی جگہ کا علاج

ناظم روحانی درسگاہ مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (لاہور)

## آسیبی مریضوں و آسیبی جگہ کا علاج

دعائے حزب البحر کے عاملین جہاں حزب البحر شریف سے دنیا بھر کے تمام جائز امور میں کام لے سکتے ہیں اور بڑی سے بڑی مشکلات کے خاتمے اور حاجات و مقاصد کی تکمیل کے لیے کام لے سکتے ہیں تو اسی طرح دعائے حزب البحر کے عاملین حزب البحر شریف سے آسیبی مریضوں اور آسیبی جگہ کا بہترین اور زبردست علاج بھی کر سکتے ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ دعائے حزب البحر شریف کی زکات کبیر یا زکات اکبر ادا کی ہوئی ہو۔ زکات نکالنے کے بعد مداومت میں بھی ہمیشگی ہو۔ دعائے حزب البحر شریف کے ذریعے کام لینا اور کام کرنا آتا ہو۔ جیسے کہ میں نے آغاز میں عرض کیا کہ دنیا جہاں میں ایسا کوئی بھی کام نہیں ہے جو حزب البحر سے نہ ہو سکتا ہو۔ آپ پورے اعتماد اور یقین کے ساتھ آسیبی مریضوں اور آسیبی جگہ کا علاج کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے ہم آسیبی مریضوں کے علاج کی بات کرتے ہیں۔

**علاج نمبر 1:** دعائے حزب البحر شریف کے عاملین آسیبی مریضوں کے علاج کے لیے پانی، چینی، نمک اور سرسوں کے تیل پر دعائے حزب البحر شریف کے تین (3) دم کریں۔ اگر مریض پر آسیبی اثرات بہت کم ہیں تو پھر ایک (1) بار حزب البحر شریف پڑھ کر اگر مریض موجود ہے تو اس پر بھی مذکورہ چار (4) چیزوں پر دم کرنے کے بعد پر دم کریں پھر حزب البحر شریف دوسری بار پڑھے اور چیزوں پر دم کریں اور مریض کو بھی دوسرا دم کریں، پھر تیسری بار حزب البحر شریف پڑھے اور چیزوں پر دم کرے اور مریض کو بھی دم کریں گویا کہ تین (3) بار حزب البحر شریف پڑھی گئی اور تینوں (3) بار علیحدہ علیحدہ تین (3) دم بھی کیے گئے۔ اگر آسیبی مریض کے اثرات درمیانے درجے کے ہیں تو پھر اسی طرح تین (3) بار حزب البحر شریف پڑھنے کے بعد دم کریں گویا کہ حزب البحر شریف نو (9) بار پڑھی جائے گی۔ تین (3) دم ہوں گے لیکن ہر دم میں تین (3) بار حزب البحر شریف پڑھنے کے بعد چاروں (4) چیزوں اور مریض کو دم کیا جائے گا اور اگر آسیبی مریض پر اثرات بھی بہت سخت ہیں اور آسیبی مخلوق کی موجودگی بھی ہے تو اس صورت میں حزب البحر شریف پانچ (5) بار پڑھنے کے بعد پہلا دم، پھر پانچ (5) بار پڑھنے کے بعد دوسرا دم، پھر پانچ (5) بار پڑھ کر تیسرا دم کیا جائے۔ اس صورت میں پندرہ (15) بار پڑھی جائے گی اور ہر دفعہ پانچ (5) بار پڑھ کر تمام چیزوں پر اور مریض پر دم کیا جائے گا۔ دم شدہ چیزوں کو چالیس (40) دن تک استعمال کروایا جائے۔

تیل کی آسیبی مریض کے جسم کی مالش کروائی جائے۔ پانی مریض کو صبح، دوپہر شام تین تین (3/3) گھونٹ پلایا جائے۔ چینی اور نمک مریض کے کھانے پکانے کی چیزوں میں شامل کر دیا جائے۔ آسیبی مریضوں پر دم کرنا ضروری نہیں بلکہ بہتر ہے دم کر لیا جائے تو بہتر ہے۔ اگر مریض دور ہو یا دم کرنا ممکن نہ ہو تو دم کرنا ضروری نہیں ہے۔ بس یہ دم شدہ چیزیں استعمال کروائی جائیں۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت اور پرانے سے پرانے آسیبی مریضوں شفاء بھی ملے گی اور آسیبی مخلوق سے چھٹکارا اور نجات بھی ملے گی۔

**علاج نمبر 2:** دعائے حزب البحر کے عاملین دیگر اعمال کے عاملین کی طرح دعائے حزب البحر شریف کے نقوش سے بھی آسیبی مریضوں کا علاج کر سکتے ہیں۔ دعائے حزب البحر شریف کے عددی نقوش مختلف کتابوں مل جاتے ہیں۔ ان عددی نقوش کی اثرات کے خاتمے اور بطور ایمرجنسی آرام کے لیے سونگھنے والی بتیاں بھی بنالیں اور بوقت ضرورت اور صبح شام آسیبی مریضوں کو سونگھنے کے لیے دیں۔ عددی نقوش کالی سیاہی سے لکھ کر آسیبی مریضوں کو سر سے لے کر پاؤں تک پورے جسم پر پھیر کر جلائیں، ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ حزب البحر شریف کا عددی نقش زعفرانی سیاہی سے لکھ کر آسیبی مریضوں کو پلانے کے لیے دیں، مریض کے اثرات کی شدت اور کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک (1) تعویذ سات (7) دن، تین (3) دن اور روزانہ کے اعتبار سے دیا جا سکتا ہے۔

یہ علاج نمبر 2 بھی اپنی جگہ بہت موثر ہے۔ اگر عاملین حضرات علاج نمبر 1 علاج نمبر 2 کو اکٹھا بھی استعمال کروانا چاہیں تو کروا سکتے ہیں۔ اس صورت میں یعنی دونوں کو ملا کر استعمال کروانے سے بہت جلدی سخت سے سخت

اور آسیبی مخلوق سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نجات مل جاتی ہے۔ بوقت ضرورت حزب البحر شریف کے عددی نقوش غسل کے لیے یعنی آسیبی مریضوں کے نہلانے کے لیے بھی استعمال کروائے جاسکتے ہیں۔

## جگہ سے آسیبی اثرات اور آسیبی مخلوق کو نکالنا

اگر خدانخواستہ کسی مکان، کسی گھر، کسی رہائش، کسی کوٹھی، کسی بنگلے، کسی مارکیٹ، کسی پلازے الغرض کسی بھی عمارت میں آسیبی اثرات یا پھر آسیبی مخلوق موجود ہے۔ تو حزب البحر شریف کا عامل الحمد للہ حزب البحر شریف کے ذریعے سے اس عمارت سے اثرات بھی ختم کرسکتا ہے اور عمارت سے آسیبی مخلوق کو بھی نکال سکتا ہے۔ کسی بھی عمارت اور جگہ کی آسیبی اثرات اور آسیبی مخلوق کی صفائی کے لیے حزب البحر شریف کا عامل سب سے پہلے اپنا حصار کرے۔ اس کے بعد اس جگہ پر جا کر 2 رکعت نفل پڑھے۔ پھر پانچ (5) بار حزب البحر شریف پڑھے۔ حزب البحر شریف پڑھتے وقت آسیبی اثرات ہیں تو ان کے خاتمے اور صفائی کی نیت دل و دماغ میں رکھے۔ اور اگر آسیبی موجود ہے تو پھر ان کو جگہ سے نکالنے اور ان سے جگہ چھڑانے کی نیت، ذہن اور خیال میں رکھے۔ حزب البحر شریف پڑھتے وقت جب انصرنا فانک خیر الناصرین پر پہنچے تو دل میں یہ خیال لائے کہ بے شک اللہ کی مدد و نصرت سے ہی آسیبی مخلوق پر اور ان کے اثرات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ دل میں دعا بھی کرے کہ "اے اللہ اس کام میں میری مدد فرمائیں۔" اور جب وافتح لنا پر پہنچیں تو دل میں دعا مانگیں کہ یا اللہ اس آسیبی مخلوق پر مجھے فتح عطا فرمائیں اور جب واحفظنا پر پہنچیں تو دل میں دعا مانگیں کہ یا اللہ اس آسیبی مخلوق کے شر اور ان کے اثرات بد سے میری بھی اور اس عمارت اور اس میں رہنے والوں کی بھی حفاظت فرمائیں۔ اور جب و نجنا من القوم الظالمین پر پہنچیں تو پھر آسیبی مخلوق اور ان کے اثرات سے نجات کی دعا مانگیں اور جب اللھم یسر لنا امورنا پر پہنچیں تو پھر اس سارے کام جس کے لیے آپ پڑھ رہے ہیں یعنی اثرات کے خاتمے اور مخلوق کے نکالنے میں اللہ پاک سے آسانی کی دعا مانگیں اور جب واطمس علی وجوہ اعداء پر پہنچیں تو نیت آسیبی مخلوق کے ٹھکانوں کے خاتمے اور ان کے صاحب عمارت اور خود عامل تک نہ پہنچے، مقابلہ یا نقصان اور حملے کی ہمت و جرأت نہ ہو سکنے کی نیت بھی رکھیں اور دعا بھی مانگیں چونکہ اکثر اوقات آسیبی مخلوقات صاحب خانہ کا جانی و مالی نقصانات کرتی ہیں۔ اور ایسا بھی دیکھنے اور سننے میں آیا ہے کہ روحانی عاملین و معالجین جب کسی کا علاج کرتے ہیں۔ یا پھر کسی بھی عمارت کی روحانی صفائی یعنی اثرات کے خاتمے، یا پھر آسیبی مخلوقات کے ٹھکانے کے خاتمے اور ان کو جگہ سے نکالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو پھر وہ مقابلے پر آجاتے ہیں۔ اس صورت میں بعض اوقات بہت نقصان دیکھنے میں آیا ہے۔ نیز واطمس علی وجوہ اعدائنا پر جب پہنچے تو ان کے جملہ شر سے بچنے کی نیت و دعا کرے اور جب واجعلنا من بین ایدیھم پر پہنچے تو نیت اور دعا صاحب خانہ اور اپنے لیے ان کے ہر طرح کے نقصانات اور خطرناکیوں سے بچنے کی کرے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ روحانی عامل اور صاحب خانہ وغیرہ کی آگے سے پیچھے سے نیچے سے اوپر سے دائیں سے بائیں ایسے انداز میں کرے کہ ان کو کچھ بھی نظر نہ آئے اور وہ کچھ بھی نہ کرسکیں۔ پانچ (5) بار حزب البحر شریف پڑھنے کے اللہ پاک سے دعا مانگے اور پھر پورے گھر میں پوری عمارت میں چکر لگاتا ہوا حزب البحر شریف پڑھے۔ جب پوری عمارت اور گھر کا چکر مکمل ہو جائے تو پھر پانچ (5) بار حزب البحر شریف پڑھ کر پانی اور اگربتیوں پر دم کرے۔ دم شدہ پانی پورے گھر کے پانچ کونوں یعنی نکڑوں اور کارنرز میں چالیس (40) دن چھڑکوائیں اور دم شدہ اگربتی روزانہ بعد نماز مغرب ہر کمرے میں ایک ایک جلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دعائے حزب البحر کی ہر طرح کی ریاضت اور چلہ کشی کے لیے دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ سے رابطہ کریں۔ مختصر اور کم وقت میں حزب البحر شریف کی روحانی طاقت و قوت حاصل کرنے کے لیے ہمارے سالانہ اجتماع حزب البحر میں شریف لا کر 3 دن میں زکات کبیر ادا کریں۔ زکات کبیر ماہ صفر المظفر کے 6,7,8 تاریخ کو ادا کروائی جاتی ہے۔ جن احباب نے حزب البحر شریف کی زکات کبیر ادا کی ہوئی ہے وہ یہ عمل کرسکتے ہیں۔ اس مضمون میں اگر کوئی بات آپ کو سمجھ نہ آئی ہو۔ یا پھر کوئی خاص بات پوچھنا چاہتے ہوں تو ناظم روحانی درسگاہ کے نمبر پر رابطہ کریں۔ شکریہ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے آسیبی اثرات اور آسیبی مخلوق سے نجات حاصل ہوگی۔

## روحانی علوم پر مشتمل کورسز

**واپسی سحر کورس:** اس کورس میں مختلف قسم کے جادو کو واپس کرنے کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

**علم التشخیص (ابتدائی کورس):** اس کورس میں مریض کی روحانی تشخیص کے بہت سے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ مثلاً کپڑا، دھاگہ، بازو ناپ کر، نقش کے ذریعے، چینی کھلا کر، پانی پلا کر، علم الاعداد کے ذریعے وغیرہ۔

**علم الدفاع (ابتدائی کورس):** اس کورس میں عامل کا بنیادی دفاع مضبوط کیا جاتا ہے جس کی ضرورت جادو اور جنات کے علاج کرنے والے ہر عامل کو ہوتی ہے۔ یہ کورس ان مریضوں کے لئے بھی مفید ہے جو چاہتے ہیں کہ جادو اور جنات سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائیں اور بار بار جادو یا جنات کے اثرات میں مبتلا نہ ہوں۔

**علم الدفاع (ماہر کورس):** اس کورس میں عامل کا دفاع بہت مضبوط کیا جاتا ہے۔ اس کورس کرنے کے بعد عامل کو مخفی مخلوق کے ذریعے دفاعی قوت حاصل ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے مخالف جنات و شیاطین عامل سے ڈرنا شروع کر دیتے ہیں اور جنات میں عامل کی ہیبت بیٹھ جاتی ہے۔ اور جنات عامل کا مقابلہ کرنے سے گریز کرتے ہیں۔

**اسم اعظم کورس:** اس کورس میں عامل کو کئی طرح سے اسم اعظم نکالنا سکھایا جاتا ہے۔ اسم اعظم کو کس طرح استعمال کریں جس سے اسم اعظم کا بھرپور فائدہ پڑھنے والے کو ہوتا ہے، اس کورس میں بتایا گیا ہے۔

دیگر روحانی کورس مثلاً عامل جنات (ابتدائی)، عامل جنات (ماہر)، علم التشخیص (ماہر)، علم الحب (ابتدائی)، علم الحب (ماہر)، علم البغض و جدائی (ابتدائی)، علم البغض وجدائی (ماہر)، طبیب روحانی (ابتدائی)، طبیب روحانی (ماہر)، علم الحاضرات (ابتدائی)، علم الحاضرات (ماہر)، علم النقوش (ابتدائی و ماہر)، علم الاعداد (ابتدائی و ماہر)، عملیات کا بنیادی کورس، روحانیت کی ترقی کا کورس، روحانی تسخیرات، بندش کورس بھی کروائے جاتے ہیں۔

## علوی نورانی اعمال

**سات سلام اور چہل کاف:** جادو جنات کی روحانی تشخیص، جنات، شیاطین، سایہ، ہر قسم کے جادو ٹونے اور نظر بد کے بد اثرات کا علاج، گھر مکان وغیرہ سے جادو جنات کو نکالنے کا خاص عمل۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو سکتا ہو۔

**مندرہ کبیر:** جادو جنات کے ماہر روحانی معالج بننے کے لئے ایک ضروری عمل۔ جس سے آپ جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کا علاج بھی اور ان کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار بھی۔

**نورانی مندرہ:** جادو جنات کے ماہر روحانی معالج بننے کے لئے ایک ضروری عمل۔ جو کہ جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے اور ہر قسم کے منتروں کا توڑ۔

**عمل باندہ جادو:** ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پتلا) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو، سب جادو کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

**عصائے کلیم اللہ:** سخت جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرے کی طرح کام کرتا ہے، مگر تاثیر میں مندرے سے کافی کم ہے۔ مریض کو دم کرنے سے فوری فرق پڑتا ہے اور مسلسل دم کرنے سے جادو بہت جلد کٹ جاتا ہے۔

**مندرہ شاہ علی:** "مندرہ شاہ علی نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔

**مندرۂ خاص:** یہ ایک خاص مندرہ ہے جو کہ مختصر ہے مگر اس کے پیچھے بہت بڑی طاقتیں ہیں۔ خواتین ناغہ کے دنوں میں بھی پڑھ سکتی ہیں۔

# آسیب کی تسخیر کے اعمال

حکیم محمد نعیم الحسن (رائے ونڈ)

## یاسمین پری کی تسخیر

اس عمل سے جائز و ناجائز کام کے لیے اکیس دن کا آسان و تیر بہدف عمل۔

**عمل:** اقسمت علیکم یاسمین پری بحق حضرت سلیمان بن داؤد علیه السلام حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

**ترکیب عمل:** یہ عمل یاسمین پری کا مجرب نایاب سفلی عمل ہے۔ اس عمل سے آپ دنیا کا ہر جائز و ناجائز کام لے سکتے ہیں۔ اس پری سے سونا بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس عمل سے آپ غائب بھی ہو سکتے ہیں اور کسی کی ہلاکت کروا سکتے ہیں۔ عمل سے پہلے دودھ کی کھیر بنا کر غوث پاک کی فاتحہ دے۔ صبح یہ نیاز بچوں میں تقسیم کر دیں۔

او رنو چندی جمعرات کے دن پاک صاف ہو کر کسی علیحدہ کمرہ، جگہ جو پاک صاف ہو اس عمل کو رات بارہ (12) بجے شروع کرنا ہے۔ یہ عمل صرف تین (3) سے اکیس (21) دن تک کا ہے۔ سفید لباس پاک صاف، عطر چنبیلی لگائیں۔ ایک چراغ میں چنبیلی کا روغن ڈالا گیا ہو۔ پانچ (5) وقت نماز پڑھیں۔ باحصار عمل پڑھیں۔ چراغ کو بھی حصار کے اندر رکھیں۔

پرہیز جلالی جمالی رکھیں۔ ایک ہزار ایک (1001) بار، اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11,11) مرتبہ کے ساتھ پڑھیں۔ جب پری حاضر ہو تو اس سے قول قرار طے کریں اور دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ جو طریقہ بتائے، اس طریقہ پر عمل کر کے کام لیں۔ اجازت عام وخاص دی جاتی ہے۔

## تسخیر بھوت

**منتر عمل:** اوم ٹٹو کالا بیرون گھٹ میں درشن بابرا بھوت حاضر کھڑا تین لوگ تین گھڑی کی خبر لا۔ اگر نہ لائے تو اپنی ماں کا چوسا دودھ حرام کرے۔

**ترکیب عمل:** اس عمل کو عروج ماہ بروز نوچندی منگل یا نوچندی سنیچر رات بارہ (۱۲) بجے کیکر کے درخت کے نیچے لال کپڑے پہن کر یا لال لنگوٹ باندھ کر عمل مذکورہ بالا مکمل یقین وار تکاز توجہ ویکسوئی سے برابر پڑھتا رہے۔ پڑھنے کیلئے پھولوں کی پتیاں یعنی گلاب کی پتیاں بچھائی جائیں۔

**بخور:** صندل کا برادہ اور لوبان جلائیں۔

**توشہ:** حلوا پکا کر روزانہ پاس رکھیں۔

**پرہیز:** جلالی، جمالی، ترک حیوانات، گوشت ہمہ قسم کا، مچھلی، انڈا، کچا پیاز، لہسن، دودھ، چائے، سگریٹ، بدنظری اور جماع سے پرہیز کریں۔

**تعداد اور مدت:** اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11,11) مرتبہ کے ساتھ ایک سو آٹھ (108) بار اکیس (21) یوم تک حصار کر کے عمل پڑھیں اور اجازت لے کر پڑھیں۔

اکسویں ۲۱ روز بھوت حاضر ہوگا۔ عہد و پیمان طے کر لیں اور بلانے کا طریقہ معلوم کر لیں۔ ہر کام کرے گا۔ حب، بغض، عداوت، انسان کو ختم کرنا، دنیا کی ہر قسم کی معلومات فراہم کرنا اس کا معمولی کھیل ہے۔ عمل کریں اور مزے اڑائیں۔ سچا عمل ہے اور تجربہ شدہ عمل ہے۔

# سحر و آسیب کو جلا کر خاکستر کر دینا

علامہ محمد رفیق صاحب زاہد مرحوم (لاہور)

سحر و آسیب کو مریض کے جسم پر حاضر کر کے جلا دینا ایسا عمل ہے جس کا شمار اس سلسلہ کے عظیم ترین عملیات میں شمار ہوتا ہے۔ چنانچہ ایسا مریض جو مدت العمر سے سحر و آسیب کا شکار ہو کر زندگی کی مسرتوں سے محروم ہو چکا ہو اور کسی بھی قسم کا کوئی علاج نفع بخش ثابت نہ ہوتا ہو بلکہ دن بدن سحری و آسیبی اثرات میں شدت ہی پیدا ہو جاتی ہو تو اس صورت میں اس عمل کو بجا لائیں۔ عمل کے لئے سب سے پہلے مریض پر آسیب و سحر کو حاضر کریں اور ان کو مریض کا پیچھا چھوڑ دینے کا حکم دیں۔ انکار کی صورت میں مریض کا شرائط کے مطابق حصار کر کے روغن تلخ پر ذیل کی عبارت کو ایک سو (100) بار پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کو چولہے پر کانسی کے برتن میں ڈال کر گرم کریں اور گرم گرم ہی مریض کے جسم پر اس کی مالش کریں۔

جونہی عامل مریض کے جسم پر اس تیل کی مالش کرے گا، مریض خوف اور درد سے بلبلا اٹھے گا اور اسے ایسا محسوس ہو گا کہ اس کے تن بدن میں آگ لگ گئی ہے اور کوئی پوشیدہ طاقت اسے موت کے گھاٹ اتار دینا چاہتی ہے۔ اس حالت میں عامل کے لئے ہدایت ہے کہ مریض کو صبر و برداشت کی تلقین کرے اور خود عمل کی عبارت تلاوت کرتے ہوئے مریض پر مسلسل دم کرتا جائے۔ یہاں تک کہ مریض شدت تکلیف سے زمین پر گر پڑے گا اور سخت واویلا شور و غل مچانے لگے گا۔

اس حالت کے بعد اچانک مریض پرسکون ہو جاتا ہے اور کسی قسم کی کوئی تکلیف محسوس نہیں کرتا۔ اس کے ساتھ ہی اس کے جسم سے سیاہ رنگ کا مہیب سا دھواں اور آگ کے الاؤ جل اٹھیں گے جس سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ جلد ہی یہ صورت حال از خود ہی ختم ہو جاتی ہے۔ اور مریض ہمیشہ کے لئے اس مرض سے نجات حاصل کر لے گا۔ عمل کی عبارت یوں ہے:

یَا مُبَادِیْشْ بِالْقُوَاۃِ النُّوَاظُوفِ یَا ظَبَادِیْشِ النَّهَاوَۃِ کَلَّا کَأَنُت قُوا تَلتَقُوا دُولُوثِ طُودُوسِ بِرَبِّ الطَّاهِرُ العَلِی الْعَظِیمِ اَصَابَت بِهَا کُلُّ حَیٍّ لَهُوبِ مِنْ شِیطَط شَیطُ الجِنِّ وَالاَرْوَاحِ لَهُوبٌ لَخَشْطَفَفَ هَشَرَاتِ وَبَطْشِ هَلَنَّا اَعصَارًا مُّبِینًا وَ نَارًا حَامِیَتَهُ حَرِقَت بِهَا وُجُوهُ المُجرِمِینَ یَا قَاهِرُ ذِی الْبَطْشِ الشَّدِیدِ اَنتَ الَّذِی لَایُطَاقُ اِنتِقَامَهُ بِحَقِّ سُلَیمَانَ اِبنِ دَاوٗدَ عَلَیهِمَا السَّلَام یَا عَجِّلُو قَومَ الجِنِّ وَ الشَّیطَانِ مِن وَرَائِهِم مُحِیطٌ بَل هُوَ قُرآنٌ مَّجِیدٌ فِیْ لَوحٍ مَّحفُوظٍ۔

## مکان سے جنات کو نکالنا

جس مکان میں جن یا شیاطین کا اثر ہو اس کے لیے پہلے غسل کرے۔ پھر دو (2) رکعت تحیۃ الوضوء کی نیت سے نفل ادا کرے اور پھر وہیں بیٹھے بیٹھے اس آیت مبارکہ کو سات (7) مرتبہ کاغذ پر لکھے اور اس کاغذ کو کسی گتے پر چپکا کر مکان میں لٹکا دے۔ وہ آیت کریمہ یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِنَّہٗ مِنۡ سُلَیۡمٰنَ وَ اِنَّہٗ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ﴿۳۰﴾ اَلَّا تَعۡلُوۡا عَلَیَّ وَ اۡتُوۡنِیۡ مُسۡلِمِیۡنَ ﴿۳۱﴾

(النمل: ۳۰-۳۱)

اور کسی آدمی پر کسی قسم کا اثر ہو جن آسیب وغیرہ کا تو اس کے لیے بھی بالکل اوپر والے طریقے کے مطابق لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسی دن وہاں سے جن رخصت ہو جائے گا۔ اور پھر اس مکان میں کبھی نہ آئے گا۔ اور مریض کے اوپر سے تمام اثرات زائل ہو جائیں گے اور مریض اچھا ہو جائے گا۔ مجرب المجرب ہے۔

# مجرب اعمال برائے دفع آسیب

### کاش البرنی رحمہ اللہ

## دفع آسیب و جادو وغیرہ

اس نقش کی چار (4) بتیاں ساعت عطارد یا مشتری میں بناؤ۔ چار (4) تعویذ لکھ کر ان کی بتیاں بناؤ۔ اور چراغ میں تیل ڈال کر ایک ایک (1,1) کر کے چاروں بتیاں جلاؤ۔ مریض روبقبلہ اس طرح بٹھائیں کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے نیز ایک برتن میں عرق بادیاں بقدر چار (4) تولہ ڈال کر اس پر عامل نادعلی شریف پڑھ کر پھونکتا رہے۔ جب چاروں بتیاں ختم ہو جائیں اور چراغ گل ہو جائے۔ تو وہ عرق مریض کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ ایک ہی رات میں صحت ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

نادعلی شریف یہ ہے:

نَادِ عَلِیًّا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِكَ یَا اَللهُ یَا اَللهُ وَبِنُبُوَّتِكَ یَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

اور نقش یہ ہے:

| ٨ | ١١ | ۴ | ١ |
|---|---|---|---|
| ١۴ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ٥ | ۴ | ١٥ |

بحق مہتر سلیمان بن داؤد علیہ السلام یالوہائیل سلیقون یا بکنانوش

## برائے آسیب

جن کسی کو آسیب ہو، دو (2) فتیلے لکھے۔ ایک (1) کو چراغ میں روشن کرے اور دوسرے کا دھواں مریض کے ناک میں پہنچائے۔ ان شاء اللہ، بہت جلد دور ہو جائے گا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ع | ع | ع | ع |
| ع | | | | ط |
| ع | ٨ | ١ | ٦ | ط |
| ع | ٣ | ٥ | ۶ | ط |
| ع | ۴ | ٩ | ٢ | ط |
| | ط | ط | ط | ط |

الدست

نمرود و ابوجہل بر بلائے ۳۶ و ا علے

ہاتھوا و ماں بحق

# آسیب سے نجات کے اعمال

### عالم فقری رحمہ اللہ (لاہور)

## جنات اور آسیب کے اثرات ختم کرنا

سورۃ الجن، جنات اور آسیب کے اثرات ختم کرنے کے لیے بڑی مفید ہے۔ لہٰذا جس شخص پر جنات کا اثر ہو، وہ سورۃ الجن کو روزانہ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھے اور گیارہ (11) روز تک پانی پر دم کر کے پانی اس شخص کو پلایا جائے، جس پر جنات کا اثر ہو اور تیرہویں روز اس سورت کی فوٹو کاپی کروا کر یا لکھ کر تعویذ بنا کر اس شخص کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ عزوجل، جنات یا آسیب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## آسیب کا اثر جاتا رہے

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو تو سورۃ الطارق کو گیارہ (11) روز تک بلاناغہ ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے آسیب زدہ کو پلانے سے ان شاء اللہ العزیز، آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

## آسیب کے اثرات ختم کرنے کے لیے

سورۃ الزلزال کو لکھ کر آسیب زدہ مکان یا جگہ پر رکھ دیں۔ ان شاء اللہ العزیز، آسیب کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

## آسیب کے لئے

سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، چاروں قل پانی پر دم کرکے تین (3) گھونٹ پی لیا جائے۔ باقی پانی میں اور پانی ملا کر غسل کیا جائے۔ چالیس (40) ایام تک یہ عمل کیا جائے۔

## آسیب زدہ مریض کی دھونی کے لیے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاَمَّا مَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِیۡنُہٗ ﴿۸﴾ فَاُمُّہٗ ہَاوِیَۃٌ ﴿۹﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا ہِیَہۡ ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِیَۃٌ ﴿۱۱﴾ (القارعة: ۸-۱۱)

| الله | العجل | ۱۹ | ۱۷ | ۲۶ | ۸ | ۲۹ | ۱ | العجل | الله |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باق | العجل | ۲۱ | ۱۱ | ۱۴ | ۲۸ | ۱۲ | ۲ | العجل | باق |
| من | العجل | ۱۳ | ۲۲ | ۱۶ | ۲۴ | ۷ | ۱۰ | العجل | من |
| کل | العجل | ۲۷ | ۴ | ۳ | ۲۰ | ۱۵ | ۵ | العجل | کل |
| فان | العجل | ۱۶ | ۲ | ۹ | ۱۸ | ۲۳ | ۲۵ | العجل | فان |

اس نقش کے فتیلہ کو نیلا کپڑا لپیٹ کر مریض کے ناک میں بوقت گھبراہٹ دھونی دی جائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰھُمَّ اَحۡرِقِ الشَّیَاطِیۡنَ

| ۱۶ | ۲ | ۳ | ۱۳ |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۷ | ۶ | ۸ |
| ۹ | ۱۱ | ۱۰ | ۱۲ |
| ۴ | ۱۴ | ۱۵ | ۱ |

ھذہ التکسیر

اس نقش بالا کو روئی میں لپیٹ کر سات (7) رات جلانا ہے، مقررہ وقت پر جلا کر روشنی کی طرف دیکھا کرے۔

## نظر بد دور کرنے اور جن کے اتارنے کے لیے

نظر بد دور کرنے اور جن کو اتارنے کے لیے یہ فتیلہ لکھ کر جلائے اور دھواں اس کا ناک میں دے۔ نقش مذکور یہ ہے:

## دیو پری اور جن کو دور کرنے کے لیے

واسطے دور کرنے دیو، پری و جن کے، اس نقش کو روغن چنبیلی یا کڑوے تیل میں جلائے۔

| ہر | طہر | ھہ | ے |
|---|---|---|---|
| ۷۰ | ۲ | ۱۳ | ۴ |
| ملو۲ | ۵ | ۳ | ۲ |
| ۲ | ۹۷ | ۵ | ے |

# روحانی علاج گاہ کی روحانی خدمات

کوئی دعویٰ نہیں ... کوئی وعدہ نہیں

روحانی علاج گاہ میں کیے جانے والے روحانی علاج سے مراد وہ روحانی علاج ہوتا ہے، جو روحانی علاج گاہ آنے والے یا رابطہ کرنے والے مریض / سائل کے لیے ہی کیا جاتا ہے۔ اس میں مریض کو دم کرنا، مریض/سائل کے لیے مخصوص تعویذات تیار کرنا شامل ہے۔ یہ روحانی علاج پہلے سے تیار نہیں ہوتا۔

**روحانی تشخیص:** مریض/سائل کی روحانی تشخیص تاکہ مریض پر جادو یا جنات کے اثرات کا پتہ لگایا جاسکے۔

**جنات کا علاج:** ہر قسم کے جنات و آسیب کا علاج بذریعہ تعویذات، ھانڈی کے مختلف اعمال و دیگر خاص اعمال۔

**جادو کا علاج:** ہر قسم کے جادو کا علاج بذریعہ تعویذات، ھانڈی کے مختلف اعمال و دیگر خاص اعمال۔

**واپسی سحر (جادو):** جادو کو سحر کرنے اور کروانے والے پر واپس کرنے کے اعمال بذریعہ تعویذات، ھانڈی کے اعمال و دیگر خاص اعمال۔

**ہر قسم بداثرات (جادو، جنات، شیطان، نظر بد):** ہر طرح کے بداثرات سے نجات کے لیے اعمال خاص کر ھانڈی کے اعمال۔

**جگہ پر سے بداثرات کا خاتمہ:** جگہ پر سے ہر قسم کے بداثرات کا خاتمہ بذریعہ تعویذات و ھانڈی کے اعمال۔

**جدائی:** دو افراد کے درمیان جدائی۔ ناجائز تعلق ختم کروانا، نقصان دہ تعلق ختم کروانا۔ بری صحبت ختم کروانا۔

**زبان بندی:** جو شخص بھی آپ کے خلاف بولتا ہو، بدنام کرتا ہو، غلط باتیں لوگوں میں پھیلاتا ہو، فسادی قسم کا ہو، اس کی زبان بند ہوگی۔

**قیدی کی رہائی:** اگر قیدی تک رسائی ممکن ہو تو ان شاء اللہ، قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔

**گمشدہ:** اگر کوئی شخص گم ہو جائے تو اس کی واپسی۔

**چوری:** چوری شدہ سامان کی واپسی، چور کی شناخت۔

**محبت:** دو قریب افراد کے درمیان محبت، مطلوب کو اپنی طرف مائل کرنا، مطلوب دور ہو تو اس کو بلانا یا اس کے دل میں محبت پیدا کرنا، مخالف فریق کو راضی کرنا اور اس کا دل نرم کرنا، مخالف کے دل میں نفرت ختم کر کے محبت پیدا کرنا مختلف تعویذات، ھانڈی کے اعمال و دیگر خاص اعمال کے ذریعے۔

**شوہر بیوی کے معاملات:** شوہر اور بیوی کے درمیان محبت، زبان دراز شوہر یا بیوی کی زبان بندی کرنا۔

**شادی:** جلد رشتہ طے ہو، کسی خاص فرد سے شادی۔

**جسمانی بیماریاں:** آنکھوں کا درد، مرگی، جسم میں درد، گھبراہٹ، دانت کا درد، آدھے سر کا درد، پیٹ کا درد، بخار، تپ محرقہ، ٹی بی، ٹائی فائیڈ۔

**مقدمہ:** مقدمہ اپنے حق میں کرنے کا خاص تعویذ۔

**بکرے کے صدقے کا خاص عمل:** ہر قسم کی رکاوٹ کو دور کرنے، سخت جادو، جنات، نظر بد کو دور کرنے کے لیے، لاعلاج امراض سے صحت کے لیے، سخت مشکل و مصیبت سے نجات کے لیے، کسی بڑے مقصد کے حصول کے لیے، محبت میں مسلسل ناکامی کو کامیابی میں بدلنے کے لیے یہ صدقہ کا عمل کیا جاتا ہے۔ یہ عمل ادارے میں مریض/سائل کی نیت سے کیا جاتا ہے اور سائل/مریض کے گھر جا کر بھی کیا جاتا ہے۔

**نوٹ:** زندگی کے کسی بھی جائز مقصد کے حصول، ہر طرح کے امراض سے شفاء، ہر طرح کی پریشانی و مصیبت سے نجات کے لیے مجرب تعویذات و عملیات کے ذریعے روحانی علاج کیا جاتا ہے۔ روحانی علاج گاہ کے واٹس ایپ نمبر پر تفصیل سے اپنا مسئلہ کی آڈیو بھیج دیں۔

# آسیب حاضر کرنے کا خاص عمل

صوفی ایاز علی مدظلہ (کراچی)

اگر مریض پر آسیبی اثرات ہوں اور حاضر نہ ہوتے ہوں تو مندرجہ ذیل عبارت تین (3) مرتبہ جہراً پڑھیں اور مریض کی پیشانی پر دم کر دیں۔ اسی وقت آسیب حاضر ہوگا۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْ كَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكَا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلْكَلِ لَكَكَا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ يَاكَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا. وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرَ النَّارِ اُحْضُرُوْنِيْ وَ سَخِّرُوْلِيْ بِبَرَكَتِ هٰذِهِ الْكَلَامِ اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَ الْمَغَارِبِ. اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا مِنْ جَانِبِ الْجُنُوْبِ وَ الشِّمَالِ اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا يَا اِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ مِنَ الْاَرْضِ وَ السَّمَآءِ. اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا يَا وَنُوْشِ سَخِّرْلِيْ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَجِبْ يَاحَرُوْزَائِيْلُ يَاسَرْحَمَاكِيْلُ يَاسَرَافِيْلُ يَاافُوَاكِيْلُ يَاخَبْرَائِيْلُ يَاسَرْحَمَائِيْلُ يَاآمُوَاكِيْلُ يَاخُبْزَائِيْلُ يَارُوْيَائِيْلُ يَاسَرَاكِيْتَائِيْلُ يَارَقْمَائِيْلُ يَاعِزْرَائِيْلُ يَاحُوْرِيَائِيْلُ يَاحَوْلَائِيْلُ يَاطَاطَائِيْلُ يَادَرْدَائِيْلُ يَاتَنْكَافِيْلُ يَاهَمْرَائِيْلُ اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا اُحْضُرُوا لِلْمُسَخَّرَاتِ وَ الْحَاضِرَاتِ بَنِيْ اٰدَمَ وَ بَنَاتِ حَوَّا مَعَ الْحُبِّ وَالاخدام والاخلاص مَعَ الْفَتْحِ وَالْفُتُوْحِ بِحَقِّ يَاكَرِيْمُ يَافَتَّاحُ يَااللّٰهُ يَامَلِكَ الْبَشَرِ وَ الْجِنِّ يَاوَدُوْدُ يَاتَوَّابُ يَاهَادِيْ يَانَافِعُ يَالَطِيْفُ يَادَيَّانُ يَاحَفِيْظُ يَاشَكُوْرُ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ السَّمَآءِ مِنْ شَرِّ كُلِّ اٰفَةٍ وَحَيِّ اللّٰهُ كَافِيْ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْ كَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكَا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلْكَلِ لَكَكَا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهُ يَاكَوْكَبًا كَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

# آسیب سے نجات کے اعمال

پروفیسر عبداللہ بھٹی صاحب (لاہور)

## آسیب سے نجات ہو

اگر کسی کو جنات تنگ کرتے ہوں تو مریض کو سامنے بٹھا کر درج ذیل آیات مجیدہ پڑھنا شروع کر دیں۔ شریر سے شریر جنات حاضر ہوں گے اور ہمیشہ کے لیے مریض کو چھوڑ دیں گے۔ سورۂ طارق کی ان آیات میں آسیبی امراض کے مریضوں کے بہت زیادہ شفا ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق: ۱۵-۱۷)

## آسیب جل جائے

اگر کسی پر کوئی آسیب قابض ہو یا کوئی مریض بے ہوش ہو تو سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین، آیت الکرسی، سورۂ طارق کی اور سورۂ حشر کی آخری تین (3) آیات پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونکیں، فوری شفا ہوگی۔

## اگر جنات نے گھیر لیا ہوا

اگر کبھی جنات آپ کے سامنے آ گئے ہوں یا آپ کسی ایسی جگہ چلے جائیں جہاں پر جنات کے قبائل موجود ہوں یا جنات نے آپ پر حملہ کر دیا ہو تو آپ بلا خوف و خطر آیت الکرسی پڑھنا شروع کر دیں۔ آخر میں جب وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا پر پہنچیں تو اس کو لگا تار ستر (70) بار پڑھ لیں۔ لاکھوں جنات بھی ہوں گے تو فوری طور پر بھاگ جائیں گے۔ اگر آپ کسی کے گھر جائیں اور جنات تنگ کریں تو اس عمل کو کریں۔ یا تو جنات جل جائیں گے یا بھاگ جائیں گے۔

# آسیب سے نجات اور حفاظت کے مجرب اعمال

صوفی محمد ندیم محمدی (لاہور)

## آسیب، جن، بھوت، پری کے شر سے امن

اگر کسی کو آسیب، جن، بھوت، پری ستاتے ہوں یا کوئی شخص آسیب کے چکر میں پھنس گیا ہو اور اسے آسیب ہر وقت تنگ کرتا ہو تو باوضو سورۃ حجرات کو لکھے اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالے آسیب، جن، بھوت، پری کے سر سے محفوظ رہے گا اور وہ اس کے نزدیک نہیں آئیں گے۔ اسی طرح اس سورت کو باوضو لکھ کر گھر کی دیوار پر دروازے کے بالکل سامنے لگا دے تو وہ گھر جن، آسیب، بھوت، دیو، پری سے محفوظ ہو جائے اور وہ اس گھر میں داخل نہ ہوں اور اس گھر میں رہنے والوں کا ڈر، خوف ختم ہو جائے۔

## آسیب زدہ کے لیے

سورۂ قمر کو سات (7) مرتبہ باوضو پڑھ کر آسیب والے پر دم کرے یا پانی پر دم کرکے پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء اور صحت کے لیے اکسیر ہے۔

## آسیب زدہ (جس کو بھوت لپٹ گیا ہو) کے لیے

ایک سفید دھاگہ سات (7) تار کے جو پونے دو گز لمبا ہو۔ باوضو ہاتھ میں لے کر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھ کر دھاگے پر دم کرے پھر سورۃ الرحمٰن پڑھنا شروع کرے۔ جس وقت آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ آئے، دھاگے پر گرہ لگاتا جائے اور پھونک مارتا جائے (دم کرے)۔ آخر میں گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے۔

یہ گنڈہ آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالے مریض کو صحت حاصل ہوگی اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

## دفع اسیب

پوری سورۂ جن لکھ کر آسیب زدہ کے بازو پر باندھ دی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب جاتا رہے گا۔

## اسیب و جنات سے محفوظ رکھنے کا عمل

اگر آیت الکرسی کو لکھ کر گھر میں داخل ہونے والے دروازے پر لٹکا دیا جائے تو آسیب و جنات اس گھر میں داخل نہیں ہوں گے۔

## گھر میں جنات و آسیب کو آنے سے روکنا

جس گھر میں آسیب کا قبضہ ہو یا ویسے ہی شریر جنات آتے رہتے ہوں اور گھر والوں کو تنگ کرتے ہوں، پتھر پھینکتے ہوں اور آگ دکھاتے ہوں تو اس کا مفید اور بارہا مرتبہ کا آزمایا ہوا علاج یہ ہے کہ چار (4) عدد کیلیں لیں اور ان میں سے ہر ایک (1) کیل پر پچیس (25) مرتبہ آیت الکرسی اور تین (3) مرتبہ یہ آیات پڑھ کر دم کریں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًاۙ وَّ اَكِیْدُ كَیْدًاۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا

اور متاثرہ مکان یا دکان یا کوئی اور جگہ، جس میں اثر ہو، وہاں کے چاروں کونوں میں ایک ایک (1,1) کیل لگا دیں۔ ان شاء اللہ عزّوجل، اس عمل کی برکت سے آسیب سے مکمل طور پر نجات ہوگی۔ آزمودہ ہے۔

# آسیب سے نجات و حفاظت کے اعمال

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

## حفاظت جنات و آسیب

آسیب و جنات سے حفاظت اور ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے اس عمل کو مشک و زعفران سے حریر کے کپڑے پر لکھیں۔ بروز جمعہ ساعت اوّل میں۔ پھر اس کو جاوی مستگی لبان اور عود کا بخور دیں اور جنات یا آسیب زدہ کے بازو پر باندھ دیں۔

**عمل یہ ہے:** لمبقورص مریوف قاش ممدش کرھش لتغلیطارش اجب ایھا الملك العظیم مرقائیل وامقوا لمن حامل کتابی ھذا ما یوذبه من الجن و الشیاطین و جنود ابلیس اجمعین۔

## خاتمہ آسیب و جن

| | ح | |
|---|---|---|
| د | و اکشفوا الحجاب<br>اِنزل یاشمھورش<br>اِنزل یا ابیض<br>اِنزل یا احمر | م |
| | ک | |

یہ نقش جن و آسیب کو دور کرنے کے لیے بہترین نقش ہے۔ اس نقش کے خدام، مریض سے جن کو ہمیشہ کے لیے خاتمہ کردیں گے۔ استعمال سے پہلے صدقہ و خیرات لازمی کروائیں۔ پھر مریض کے گلے میں تعویذ ڈالیں۔

# آسیب، مرگی اور ہر مرض کے لیے

محمد حسن (کراچی)

اللہ کے عدد ۶۶ کو فی نفسہٖ ضرب دینے سے عدد ۴۳۵۶ نکلتا ہے۔ اس کے موافق ایک (1) مثلث بھی وضع کی جائے جس کا ہر ضلع اللہ کا بنا ہوا ہو۔ پھر اس مثلث کے گرداگرد بسم اللہ، سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورہ اخلاص حروف مقطعہ کی شکل میں لکھے جائیں۔ مثلاً ب س م ال ل ہ ال ر ح م ن ال ر ح ی م ال ح م د ل ل ہ ر ب ال ع ال م ی ن۔ اس طرح تمام عبارت کو لکھا جائے گا۔ پھر درود شریف لفظوں میں لکھی جائے گی۔ خاتمہ پر مریض کا نام مع والدہ لکھ کر اس کو تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں لٹکا دیں۔ لٹکانے سے پہلے الحمد شریف، قل شریف تین تین (3,3) مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجیں۔ یہ نقش مثلث ہے جس کی چال خاکی ہے۔ نقش کے کونوں پر جو اعداد لکھے گئے ہیں، یہ نقش کی چال کو ظاہر کرتے ہیں۔

| ه | | | | الٓ |
|---|---|---|---|---|
| ه | 4<br>۲۲۰۲۱<br>شفا محمد | 9<br>۲۲۰۲۶<br>شفا محمد | 2<br>۲۲۰۱۹<br>شفا محمد | اللّ |
| ه | 3<br>۲۲۰۲۰<br>شفا محمد | 5<br>۲۲۰۲۲<br>شفا محمد | 7<br>۲۲۰۲۴<br>شفا محمد | اللّٰ |
| ه | 8<br>۲۲۰۲۵<br>شفا محمد | 1<br>۲۲۰۱۸<br>شفا محمد | 6<br>۲۲۰۲۳<br>شفا محمد | اللّٰ |

۲۲۰۱۸ سے شروع ہوتی ہے۔ اضلاع اللہ کے اسم سے تیار ہوں گے۔ اردگرد حروف مقطعہ مندرجہ بالا آیات کے ہوں گے اور دم کرنے کے بعد نقش اس مریض کے گلے میں لٹکایا جائے گا۔ اگر مرگی ورآسیب زدہ شخص پر آیت الکرسی اور اس کے کلمات کی تعداد کے مطابق یعنی پچاس (50) مرتبہ یا اس کے حروف کی تعداد کے مطابق یعنی ایک سو ستر (170) مرتبہ یا مرسلین کی تعداد کے مطابق یعنی تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور متواتر ۳، ۷، ۱۴ یا اکیس (21) یوم تک ایسا کرتے رہیں تو اللہ تعالیٰ اس مریض کو کامل شفاء دے گا اور جو شخص صلوٰۃ ناریہ تفریجیہ مریض پر یا دیوانے پر یا آسیب زدہ پر چار ہزار چار سو چوالیس (4444) مرتبہ پڑھ کر دم کرے تو اللہ تعالیٰ اسے شفاء کامل عطا فرمائے گا۔

# آسیب کو حاضر کرنے کے اعمال

صاحبزادہ محمد عثمان القادری (فیصل آباد)

## آسیب کو مریض پر حاضر کرنا

اس نقش کے نیچے یابدوح یابدوح یابدوح لازمی لکھے۔ اس نقش کو لکھ کر مریض کے دائیں طرف دانتوں کے نیچے رکھے۔ اگر آسیب حاضر ہو تو کام کرے۔ اگر حاضر نہ ہو تو مریض کے دوسرے دانتوں کے نیچے رکھ کر سر پر ہاتھ رکھ کر سورۃ فاتحہ کی تکرار کرے۔ جب تک آسیب حاضر نہ ہو جائے یا بھاگ نہ جائے۔ اگر مریض الٹیاں کرنے لگے یا چکرانے لگے تو اس کے سامنے جلانے کا عمل کرلے۔ مجرب ہے۔

یابدوح ۷۸۶ یابدوح

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ع محہ | یابدوح | |
| ۸ | یابدوح | ۳ | ۲ |
| ۹ | ۲۱ | | یابدوح یابدوح |

بحق یابدوح یابدوح یابدوح

## آسیب مریض کے سامنے حاضر کرنا

آسیب وجنات کو جلانے اور دفع کرنے کے لیے یہ عمل بھی مفید ہے۔ مریض پر جو بھی آسیب وجنات مسلط ہوتے ہیں، وہ مریض کی آنکھوں کے سامنے اس فلیتہ میں آ کر جل جاتے ہیں۔ اس نقش کو لکھ کر صاف روئی لپیٹ کرنے کو رے چراغ میں بتی بنائیں اور مریض کو آگ میں غور سے دیکھنے کو کہے۔ چراغ میں تیل سرسوں کا ڈالیں۔ ان شاء اللہ، مریض پر جو چیز بھی مسلط ہوگی، اسے چراغ میں جلتا ہوا دیکھے گا۔ بہتر ہے پہلے مریض سے بطور صدقہ درود شریف کی کتب یا کوئی دینی کتب تقسیم کروالی جائیں تاکہ عامل اور مریض بلاؤں سے حفاظت میں رہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابلیس ملعون | فرعون ملعون | ہامان معون | نمرود ملعون |
| شداد معون | ابلیس ملعون | فرعون ملعون | ہامان ملعون |
| نمرود ملعون | شداد ملعون | ابلیس ملعون | فرعون ملعون |
| ہامان معون | نمرود ملعون | شداد ملعون | ابلیس ملعون |

جو کچھ آسیب اور بلا درمیان وجود فلاں بن فلاں کے ہے
اس فلیتہ میں آ کر جل جاوے

# آسیب، سایہ، جن کی حاضری

بابا سلطان قادری

اگر کسی مریض پر جن، بھوت، سایہ، آسیب ہے تو اس عمل کو گیارہ (11) بار کے تین (3) دم اس پر کریں۔ اس کے اوپر جن، چڑیل، سایہ، آسیب جو کچھ بھی ہوگا، حاضر ہو جائے گا۔ بہت ہی مجرب المجرب عمل ہے۔ جب حاضر ہو جائے تو قول وقرار کر کے جانے دیں یا پھر چاہیں تو جلا دیں۔ مریض کو لازمی حصار میں بٹھاتا ہے۔

اول نام خدا دا دوجا نام رسول دا تیجا نام چار یاراں دا پیرانِ پیر دستگیر ستر سو کلابہ بھتر سو زنجیر جن ملائکہ پری چڑیل جھکن پیری منگن معافی جیویں میں آکھاں اویں کام کرن کام سو اللہ محمد آپ کرے۔

عاملین اور روحانی معالجین کی آسانی کے لیے روحانی دکان پر کئی قسم کے چھپے چھپائے تعویذات دستیاب ہیں۔ تعویذ کی ایک کاپی میں 100 تعویذ ہوتے ہیں۔ مکمل تفصیل کے لیے روحانی دکان کی ویب سائٹ پر جائیں:

www.ruhanishop.com

## قرآنی سورتوں پر مشتمل تعویذات

٭سورۂ فاتحہ کا 41بار ٭سورۂ فلق کا خاص 12x12 کا تعویذ ٭سورۃ البقرۃ ٭سورۂ یوسف ٭سورۃ طہٰ ٭سورۃ الاحزاب ٭سورہ فاتحہ 41بار ٭سورۃ مریم ٭سورۂ یٰس ٭سورۂ رحمٰن ٭سورۂ جن ٭سورۂ مزمل ٭سورۂ فاتحہ ٭سورۂ قریش ٭سورۂ اخلاص ٭سورۂ فلق ٭سورۂ ناس ٭چاروں قل ٭آخری دو قل (معوذتین) ٭چاروں قل ٭سورۂ فلق 21بار ٭سورۂ فلق 41بار ٭سورۂ ناس 21بار ٭سورۂ ناس 41بار ٭آخری تین قل ٭سورۂ اخلاص 41بار ٭آخری دو قل (معوذتین) 21بار

## قرآنی آیات پر مشتمل تعویذات

٭سلم قولا من رب رحیم 817مرتبہ ٭آیت کریمہ 1200مرتبہ ٭اللہ اکسیر قرآنی ٭لاعلاج امراض 114آیات ٭حسبنا اللہ ونعم الوکیل 450بار ٭سلم قولا من رب رحیم 817مرتبہ ٭آیت کریمہ 1200مرتبہ ٭آیت ہدایت: اھدنا الصراط المستقیم 1073مرتبہ ٭آیات فتح: نصر من اللہ فتح قریب 1302مرتبہ ٭بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 786بار ٭خیر و برکت گھر میں شیاطین داخل نہ ہوں، دکان میں بہت نفع ہو ٭آیات حرب ٭بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٭آیت الکرسی ٭آیت قطب ٭سلم قولا من رب رحیم ٭آیات شفا ٭بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 786بار ٭آیت الکرسی خاص ٭آیت الکرسی 21بار ٭آیت الکرسی 41بار ٭انا للہ وانا الیہ راجعون 550بار

## قرآنی سورتوں اور آیات والے تعویذات

منزل بنیادی ٭حصار برائے جادو، جنات و نظر بد ٭حفاظت نامہ برائے سحر، آسیب، ہمزاد و آفات ٭سحر جادو سے نجات ٭ہر طرح کی بندش ختم ٭سورۂ فاتحہ اور آیات شفا ٭آیت الکرسی اور چاروں قل

## اسماء الحسنیٰ کے تعویذات

99اسماء الحسنیٰ ٭قابض 903بار ٭قہار کا 306مرتبہ والا خاص تعویذ برائے مختلف مقاصد ٭اسم ذات "اللہ" کا خاص تعویذ ٭مقہوری اعداء دفع آسیب جنات ٭آتشی مزاج والے اسماء الحسنیٰ کا کثیر الفوائد تعویذ ٭بادی مزاج والے اسماء الحسنیٰ کا کثیر الفوائد تعویذ ٭آبی مزاج والے اسماء الحسنیٰ کا کثیر الفوائد تعویذ ٭خاکی مزاج والے اسماء الحسنیٰ کا کثیر الفوائد تعویذ ٭یاحی یاقیوم 174بار

## درود شریف تعویذات

درود ابراہیمی ٭درود تنجینا ٭درود تنجینا 70بار

## نورانی تعویذات

گھر اور جگہ پر لگانے کا خاص طلسمی تعویذ ٭یامغنی 1100اور سورہ مزمل گیارہ 11بار کا تعویذ ٭دعائے استعاذہ ٭حزب البحر ٭حزب النصر ٭رقیہ حسد و نظر ٭حفاظت کا خاص تعویذ ٭سفر میں حفاظت کا خاص تعویذ ٭یامغنی 1100اور سورہ مزمل گیارہ 11بار ٭ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ 651بار ٭یابدیع العجائب بالخیر یابدیع بارہ سو 1200بار ٭تہدیدی نامہ، حرز ابودجانہ رضی اللہ عنہ ٭مسائل کا حل، امراض اور جنات سے نجات ٭چہل کاف کا خاص نقش "نقش ہر کارہ" ٭امان از ہر آفات ٭ہر جائز مقصد کے لیے ٭لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم ٭ہر بیماری خاص کر لاعلاج بیماری سے شفاء کیلئے ٭وضع حمل میں آسانی ٭اللھم افتح لی ابواب رحمتک تیرہ سو پندرہ 1315مرتبہ ٭علاج سحر الرحم ٭زبان بندی کا تعویذ

## بزرگانِ دین سے منسوب تعویذات

آسیب سے نجات اور حفاظت کے لیے کئی بزرگانِ دین کے تجویز کردہ تعویذات۔

مکمل تفصیل کے لیے: https://bit.ly/3tDPO42

# آسیب سے حفاظت کے اعمال

علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی مدظلہ (امریکہ)

## آسیب کے شر سے محفوظ

اگر سورۂ جاثیہ اپنے سر کے نیچے رکھے تو آسیب کے شر سے بچ جائے۔

## آسیب اور انسان کے شر سے محفوظ رہے

ایک روایت کے مطابق سورۂ احقاف کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو آسیب کے شر سے محفوظ رہے۔

## آسیب اور انس سے حفاظت

سورۂ مجادلہ ہمیشہ پڑھتا رہے تو آسیب اور انسان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## جنات اور آسیب کے شر سے نجات

جو شخص اپنے گھر میں ہر رات سورۂ ناس کی تلاوت کرے، وہ قوم جنات و آسیب سے نجات پائے گا۔

## بچہ کے لیے آسیب کے اثر سے بچاؤ

سورۂ ناس کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے تو وہ آسیب سے محفوظ رہے گا۔

## مکان کی آسیب، جن، بھوت اور شیاطین سے حفاظت

اگر کوئی شخص یا عورت مہینہ میں ایک (1) مرتبہ سورۂ کہف کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے مکان کی چھت کے چاروں کونوں پر چھڑکائے تو وہ مکان آسیب، جن، بھوت اور شیاطین کے حملوں سے محفوظ رہے گا۔

## آسیب اور انسان سے حفاظت

جو آیت الکرسی روزانہ ہر فریضہ کے بعد پڑھتا ہے، آسیب و انسان اس کو ضرر نہ پہنچا سکیں گے۔

## مکان سے موذی سانپ، جن، آسیب کو نکالنا

صبح کی نماز کے بعد "یانُورُ" ایک ہزار ایک سو اکیس (1121) مرتبہ روزانہ جس مکان میں پڑھا جائے، وہاں کوئی موذی سانپ، جن، آسیب ٹھہر نہیں سکتا، مجرب عمل ہے۔

## جنات اور حشرات کو گھر سے بھگانا

بہت سے مکانوں میں جنات کا اثر ہوتا ہے اور بعض مکانات میں حشرات الارض کافی تعداد میں ہوتے ہیں۔ ایسے مکانات کے مکین ہر وقت پریشان رہتے ہیں۔ جنات وحشرات کی ایذا رسانیوں سے ناک میں دم ہو جاتا ہے۔

ان سے چھٹکارا نے کے لئے ایک قیمتی عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔ ارباب ضرورت فائدہ اٹھائیں۔ سب سے پہلے ایک (1) لوہے کی چھری بنوائیں۔ اس کا دستہ بھی لوہے کا ہو، لکڑی وغیرہ دستے میں نہ ہو۔

اس پر ایک (1) بار بسم اللہ شریف لکھے اور پھر بسم اللہ شریف تین سو اکتیس (331) مرتبہ پڑھ کر اس چھری پر دم کرے۔ اس کے بعد ایک (1) مرغ سفید رنگ کا اس چھری سے ذبح کیجئے کہ سر فوراً ہی گردن سے الگ ہو کر گر پڑے۔ تھوڑی دیر کے بعد تقریباً دس (10) منٹ کے بعد سر کو اٹھا لیں اور اس سر کو مکان کی چوکھٹ پر دفن کر دیں۔ وہاں سے جنات اور حشرات ان شاء اللہ بھاگ جائیں گے۔

# آسیب کو جلانے اور گھر و اہل خانہ کی حفاظت کے عملیات

مرتب: ابوالانس قادری

## آسیب کو جلانا

جس کسی کو آسیب چمٹا ہوا ہو اور ایذا شدید پہنچی تا ہو تو اس کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل قادریہ عالیہ از حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے روغن زیتون لے کر اس پر:

** اول وآخر درود شریف ذیل (گیارہ گیارہ 11,11 مرتبہ)

** سورۂ جن (سات 7 مرتبہ)

** چہل کاف (اکتالیس 41 مرتبہ)

** نادِعلی (اکانوے 91 مرتبہ)

پڑھ کر دم کریں۔ اس روغن زیتون کے سات سات (7،7) قطرے دونوں کانوں میں ڈال کر اوپر سے روئی سے بند کر دیں تا کہ روغن باہر نہ گرے۔ آسیب اس کی برکت سے جل کر خاک ہو جائے گا۔ اس کے جلنے کی شدید بو آئے گی، اور وہ فریاد بھی کرے گا لیکن اس کی فریاد پر بالکل توجہ نہ دی جائے۔ اس طرح آسیب سے نجات کلی مل جائے گی۔

بعد ازاں درود ذیل اور آیات مبارکہ ذیل ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھ کر پانی بنائیں اور اس پانی کو تین (3) دن مریض کو پلائیں تا کہ وجود سے مکمل اثرات ختم ہو جائیں۔ بے حد مجرب اور مفید عمل ہے۔

**چہل کاف** جس طرح کے چہل کاف کی اجازت ہو، وہ پڑھا جائے۔

آیات مبارکہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ. يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ، وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ. وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ.

**درود پاک** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ.

## گھر کو آسیب و بلیات سے محفوظ رکھنا

گھر اور اہل خانہ کو آسیب و بلیات سے حفاظت کے لیے ذیل کا عمل از حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران و گلاب و مشک یا موٹے مارکر سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر اکہتر (71) مرتبہ نادِعلی پڑھ کر دم کریں اور گتے پر چسپاں کر کے گھر کے مین دروازے کے اوپر لٹکا دیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم، اس عمل کی بدولت وہ گھر ہمہ اقسام کے شر اور آسیب سے بالکل محفوظ و مامون رہے گا۔

نقش:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

اَلشَّيْطَانُ فِرْعَوْنَ وَهَامَانِ

| یابدوح طاا ااا ط ع ۸۹ اا ۴۵ ۱۷۹۱ لع یابدوح |
|---|
| یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج |

فرعون وہامان الشیطان

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

**نوٹ** آسیب کو جلانے کا عمل بغیر اجازت نہ کیا جائے۔ ختم

# عاملین کے تجویز کردہ عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

## حضرت میر صاحب علی چشتی رحمہ اللہ

### دفع جن و آسیب

یہ نقش ہشت در ہشت سورۂ قل ھو اللہ احد واسطے دفع جن و آسیب کے تین (3) روز لکھ کر پلاوے۔ نقش مذکور یہ ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | يلد |
| هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | يلد | ولم |
| الله | احد | الله | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد |
| احد | الله | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم |
| الله | الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن |
| الصمد | لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له |
| لم | يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له | كفوًا |
| يلد | ولم | يولد | ولم | يكن | له | كفوًا | احد |

## حضرت ابو کاشف کشفی قلندری

### برائے جن بھوت

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ پانچ سو (500) بار، درود شریف ایک سو (100) بار۔ لا حول ولا قوۃ سے پیشتر اور بعد میں سو (100) مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونک مارے۔ خلاصی جلد ہو۔ مگر اس کے کرنے والے کے لیے لازم ہے کہ پانچ (5) وقت کا عبادت گزار اور پورا متقی و پرہیز گار ہو۔

### برائے آسیب، مسان و طفل و حفاظت

جوان مرغ کے خون سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔

| ف | س | ی | ک |
|---|---|---|---|
| ١١ | ١٩ | ٨١ | ٥٩ |
| ١٨ | ٨ | ٦٢ | ٨٢ |
| ٦١ | ٨٣ | ١٧ | ٩ |

## حضرت ابن کلیم احسن نظامی رحمہ اللہ

### آسیب دفع ہو

آسیب کے دفع ہونے کے لیے سورۂ طارق تین (3) بار پڑھ کر مریض پر دم کیا کریں۔

## ماسٹر شفیع نظامی صاحب رحمہ اللہ

آیت الکرسی ''الحی القیوم'' تک بیس (20) بار تکرار کریں۔ اکیسویں بار پوری آیت الکرسی پڑھیں۔ پانی پر اس طریقے پر ستر (70) بار پڑھ کر پلایا جائے تو آسیب زدہ کو صحت ہو جاتی ہے۔ بہتر ہے کہ مندرجہ ذیل ایک (1) نقش بھی روزانہ پلایا جائے۔ آیت الکرسی کا عددی نقش یہ ہے:

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٥١٠ | ٣٥٢٣ | ٣٥٢٠ | ٣٥١٧ |
| ٣٥٢١ | ٣٥١٦ | ٣٥١١ | ٣٥٢٢ |
| ٣٥١٥ | ٣٥١٨ | ٣٥٢٥ | ٣٥١٢ |
| ٣٥٢٤ | ٣٥١٣ | ٣٥١٤ | ٣٥١٩ |

## سید مزمل حسین شاہ صاحب مدظلہ

### آسیب زدہ کے لیے خاص دم

سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، معوذتین، آیت الکرسی، سورۂ طارق اور سورۂ حشر کی آخری تین (3) آیات (ھو اللہ الذی... آخر) پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونک ماریں۔

## قاری محمد صدیق توحیدی صاحب مدظلہ

### آسیب سے نجات کا خاص عمل

اس ترتیب کے ساتھ روزانہ ایک (1) بار پڑھنا ہے۔

درود شریف:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْکَرِیْمِ ۔ 11 مرتبہ

1. آیۃ الکرسی مکمل — 2 مرتبہ
2. سورۃ المومن کی ابتدائی تین آیات حٰم... الیہ المصیر تک — 11 مرتبہ
3. آیۃ الکرسی مکمل — 2 مرتبہ
4. سورۃ المومن کی ابتدائی تین آیات — 10 مرتبہ
5. آیۃ الکرسی مکمل — 2 مرتبہ
6. سورۃ المومن کی ابتدائی تین آیات — 10 مرتبہ
7. آیۃ الکرسی مکمل — 2 مرتبہ
8. سورۃ المومن کی ابتدائی تین آیات — 10 مرتبہ
9. آیۃ الکرسی مکمل — 2 مرتبہ
10. شروع والا درود شریف — 11 مرتبہ

ٹوٹل آیۃ الکرسی — 11 مرتبہ

اور ٹوٹل سورۂ اخلاص کی ابتدائی تین آیات — 41 بار ہو جائیں گی

پڑھ کر ایک (1) گلاس پانی پر دم کر کے پی لیں اور اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر پورے بدن پر مل لیا کریں۔ ایک جگہ بیٹھ کر عمل کرنا ہے۔ فائدہ یہ ہوگا کہ بدن ٹوٹتا ہوا ٹھیک ہو جائے گا، طبیعت بھاری ہو تو فوراً سکون ہوگا اور ان شاء اللہ اکتالیس (41) دن لگاتار عمل کرنے سے آسیب کی حرکتوں سے محفوظ ہو جائیں گے۔ خواتین ناغے کے دن بعد میں پورے کر لیں۔

## حضرت صوفی محمد اسلم نقشبندی مجددی

### آسیب و جنات کا اُتار دینا اور مکان کی حفاظت

سورۂ جن پوری ایک (41) بار پڑھ کر جس پر آسیب کا خلل ہو، دم کر دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اتر جائے گا۔

پھر سورۂ یٰسین شریف ایک ایک بار (1،1) پڑھ کر چاروں طرف کونوں کے پھونک دیں، ہمیشہ کے واسطے مکان محفوظ ہو جائے گا۔

### دافع آسیب جن پری و نظر بد وغیرہ

جس مرد یا عورت کو یہ شکایت ہو، سورۂ جن سات (7) بار پڑھ کر دم کریں، غائب ہو جائے گا۔

### آسیب زدہ کا علاج

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰـھًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْھَانَ لَہٗ بِہٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ ۭ اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الْکٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المؤمنون:۱۱۵-۱۱۸)

خلوصِ نیت اور یقین و صدقِ دل کے ساتھ اگر آسیب زدہ پر پھونک دیں، آسیب دفع ہو۔

العارفی شہد کے نایاب اور شفاء بخش شہد کی اقسام اور بیش قیمت صحت افزا پروڈکٹس
100% خالص
قطرہ قطرہ ہے شفاء
استعمال کریں روزانہ
توانائی کا خزانہ
گرمی ہو یا سردی
العارفی شہد سے خالص شہد کی مختلف ورائیٹیز سارا سال گھر بیٹھے منگوائیں اور ہر بیماری سے یقینی شفاء پائیں
پلوسہ کا شہد
مالٹے کا شہد
چترال کے علاقے کا شہد
بیری کا شہد (ایکسپورٹ کوالٹی)
گرنڈہ کا شہد
دیسی (جنگلی) شہد بڑی مکھی (ڈیرہ غازی خان)
چھوٹی مکھی کا شہد (وزیرستان)
گلگت کے پہاڑوں کا شہد
روحانی شہد برائے شوگر
ایرانی چھتہ مع شہد
شفتل کا شہد
کیکر کے درخت کا شہد
دم شدہ روحانی شہد
زعفران کے پھولوں کا شہد
آذربائیجان کا امپورٹڈ شہد
چھوٹی مکھی کا شہد (اعلیٰ کوالٹی)
سپین از غے شہد
کھجور کا شہد
زیتون کا شہد
موسم بہار کا مکس پھولوں کا شہد
سفید پیاز کے شہد
لوکاٹ کا شہد
کشمیری شہد
لاچی کا شہد
اجوائن کا شہد
رومانیہ کا پہاڑی شہد
شیشم کا شہد
پہاڑی شہد بڑی مکھی مع چھتہ
زیتون کا قہوہ
لیمن گراس
ایرانی و پاکستانی کھجوریں
اعلیٰ چھلکا اسپغول
اعلیٰ کوالٹی عطریات
انجیر کا حلوہ
ڈرائی فروٹ
زیتون اور سیب کا سرکہ، شربت بادام
خوش ذائقہ مشروبات
شفائین (شہد+کلونجی)
خالص دیسی گھی
کلو، آدھا کلو اور پاؤ کی پیکنگ میں بھی دستیاب ہے۔
صرف ایک فون کال پر
صحت آپ کے دروازے پر
عارفی ٹریڈرز 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور 042-35410586 0309-4060949
عارفی پرفیومز میں دستیاب باڈی اسپریز کی تفصیل https://bit.ly/31Z0ybc
آسیب نمبر

اگر کسی پر آسیب و جنات کی حاضری رکتی نہیں یا کچھ عرصہ رک کر دوبارہ شروع ہو جاتی ہے جیسا کہ میرے احباب میں سے کسی نے بتایا کہ وہ چار پانچ سالوں سے کسی آسیب زدہ لڑکی کا علاج کر رہے ہیں لیکن حاضری بند نہیں ہوئی۔ لہٰذا کچھ تجویز کیا جائے تو جاننا چاہئے کہ آسیب کے علاج میں عامل کا جو سب سے بڑا ہتھیار ہے، وہ اس کی قوتِ ارادی و قوتِ نفسانی ہے اور ساتھ ہی عامل کو نفسیات کا بھی کچھ علم ہونا ضروری ہے تاکہ وہ مریض یا مریضہ کے نفسیات کا مطالعہ بھی کرے کیوں کہ حاضری والے مریض محض آسیبی مریض نہیں ہوتے، وہ نفسیاتی مریض بھی ہوتے ہیں۔ اس اعتبار سے فقیر کے نزدیک حاضری والے مریض دو (2) طرح کے ہوتے ہیں۔ ان کی یوں درجہ بندی کر سکتے ہیں:

**قسم اول** مغلوب از آسیب مع نفسیات

**قسم دوم** مغلوب از نفسیات مع آسیب

کبھی آسیب کا اثر زیادہ ہوتا ہے اور نفسیاتی اثر کم۔ ایسے مریضوں کو مکمل آسیب زدہ یا مغلوب از آسیب مع نفسیات کہہ سکتے ہیں اور کچھ مریض ایسے ہوتے ہیں جن کو اگرچہ آسیب کا اثر ہوتا ہے لیکن ان پر نفسیاتی اثر کا غلبہ زیادہ ہوتا ہے تو ایسے مریضوں کو مغلوب از نفسیات مع آسیب کہہ سکتے ہیں کیوں کہ ایسے مریض یا مریضہ کو اکثر دیکھا گیا ہے کہ وہ جب تک خود کو آسیبی قوت کے حوالے نہیں کرتے (اس خود سپردگی کی بہت ساری صورتیں ہو سکتی ہیں)، ان پر حاضری نہیں ہوتی اور جب ان کی نفسیات یہ تقاضا کرتی ہے کہ ان پر حاضری ہو یا یہ کہ وہ خود کو آسیب زدہ یا مظلوم اور دوسروں کو ظالم تصور کرتے ہیں اور مفروضہ ظالم یا ظلم پر قابو پانے کی کوئی صورت انہیں نہیں دکھتی تو اچانک ان پر آسیب کی حاضری شروع ہو جاتی ہے۔ ہم یہاں یہ نہیں کہہ سکتے کہ ایسے مریض آسیب کی حاضری کا ڈھونگ کرتے ہیں۔ ہاں! کچھ ضرور کرتے ہیں لیکن یہاں وہ معاملہ خارج از بحث ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ آسیب زدہ ہر دو (2) قسم کے مریضوں کا نفس مغلوب ہوتا ہے، لیکن قسم اوّل کا زیادہ اور قسم دوم کا کم۔ اس لئے قسم اوّل یعنی مغلوب از آسیب مع نفسیات پر حاضری کے لئے آسیب کو مریض کی مرضی یا خواہش کی حاجت نہیں ہوتی کیوں کہ ایسے مریض کا نفس فاعل نہیں رہ جاتا کہ اپنا دفاع کرے۔ وہ مطلق مفعول ہو جاتا ہے اور آسیب جب چاہے، جس طرح چاہے، ان پر سوار ہو جاتے ہیں۔ برخلاف اس کے، قسم دوم یعنی مغلوب از نفسیات مع آسیب کا نفس مفعول ہونے کے ساتھ ساتھ فاعل بھی ہوتا ہے کہ اگر چاہے تو اپنی فاعل نفس کے ذریعہ قوتِ مدافعت کو حرکت دے اور آسیب کی حاضری نا ہونے دے۔ اور ایسا اکثر ہوتا بھی ہے لیکن مریض کو اس بات کا شعور نہیں۔ وہ، شعوری طور پر ہی سہی لیکن اس کی قدرت رکھتا ہے۔ ظاہر ہے ان باتوں کا علم نا تو مریض کو ہوتا ہے اور نا اکثر جھاڑ پھونک کرنے والے معالج کو۔ لہٰذا ایسے مریضوں کی حاضری ممکن ہے۔ سالہا سال محض نفسیاتی مسائل کی وجہ سے جاری رہے کیوں کہ یہاں معالج کی توجہ صرف حاضری پر ہوتی ہے۔ حاضری کی نفسیات یا نفسیاتی وجوہات پر نہیں۔ پھر یہ کہ ہر کسی کی نفسیات جدا جدا ہوتی ہے۔ اس وجہ سے حاضری کی وجہ بھی مختلف ہوں گی۔ معالج کو چاہیے کہ سب سے پہلے نفسیاتی وجہ تلاش کرے۔ مریض یا مریضہ سے از اوّل تا آخر مکمل روداد سنے اور اسے یہ یقین دلائے کہ اس کے پاس اللہ کے فضل سے اس کی ہر پریشانی کا حل موجود ہے۔ جب مریض کو معالج پر یقین پختہ ہوگا تو وہ اپنے دل میں چھپے ہر ایک بات کو معالج کے سامنے بیان کرنا شروع کر دے گا۔ مثلاً اس کے گھر والے اس پر فلاں فلاں پابندی عائد کرتے ہیں یا اسے کسی سے عشق ہے اور وہ اس سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ غرض کہ اور بھی سینکڑوں وجوہات الگ الگ مریضوں کے ہوں گے۔ ممکن ہے مریض یہ سب خود سے نا کہے تو معالج کو چاہئے کہ اس کے اہل خانہ سے مکمل تفصیل حاصل کرے اور قرینے سے

مسئلے کی تہ تک جائے اور پھر اُس نفسیات کے مناسب حال انداز و تشخیر مریض کو کرے یا اس کے اہل خانہ سے کرائے اور اہل خانہ کو بھی تلقین کریں کہ مریض پر حاضری کے وقت اسے گھیر کر نا بیٹھ جائیں اور جاہلانہ سوال مثلاً تم کون ہو؟ کہاں سے آئے ہو؟ کس نے بھیجا ہے؟ وغیرہ وغیرہ ہرگز نہ کریں بلکہ اس وقت اہل خانہ کا رویہ مریض کے لئے نارمل ہونا چاہیے۔ نہ مریض کی حرکتوں سے پریشان ہو کر اسے برا بھلا کہنا شروع کر دیں اور نہ ہی مریض سے سوالات کر کے اس پر چڑھے آسیب کو اہمیت دیں بلکہ مریض کو اس کی ظاہری حالت کی ابتری کا احساس دلائیں اور اس وجہ سے اس کے یا اس کے بچوں کی مستقبل کو جو خطرہ لاحق ہے وہ بتائیں تاکہ مریض صحتیابی کے لئے اپنی قوت مدافعت کو بروئے کار لائے اور علاج کے لئے مکمل طور پر تیار ہو جائے کہ جب تک یہ نہ ہوگا، ایسے مریضوں کا علاج شروع کرنا نہ کرنا برابر ہے۔ اور قسم اول یعنی مغلوب از آسیب مع نفسیات کے علاج میں محض روحانی علاج پر توجہ ہے کیوں کہ اس قسم کے مریض اکثر مخبوط الحواس ہوتے ہیں، ان کا ذہن ماؤف ہو جاتا ہے۔ بات کہاں سے کہاں پہنچی۔ اب آیئے حاضری والے مریضوں کا طریقہ علاج جانتے ہیں۔ ایک طریقہ تو الاوفق قسط دوم میں شائع کر چکا۔ اس میں جو نکات میں نے دفع آسیب کے بتائے ہیں وہی ہر جگہ ملحوظ رکھنا ہے۔ خواہ نقوش و تعویذات اور گنڈے یا غسل و چراغ اور پلیتے انواع اقسام کے ہوں، یہاں چند دیگر نسخہ جات لکھے دیتا ہوں۔

## گنڈہ برائے آسیب

مریض کے قد کے برابر اکیس (21) تار کچا سفید رنگ کا ناپ لیں۔ پھر انہیں ہلدی کے پانی سے رنگ لیں۔ بعدہ اس پر اکیس (21) گرہیں لگانی ہے۔ ہر گرہ پر سات (7) مرتبہ سورۂ مزمل شریف پڑھ کر دم کرنا ہے۔ یہ گنڈہ مریض کے گلے میں یا کمر میں ڈلوا دیں اور تاکید کر دیں کہ جب تک مکمل افاقہ نہیں ہوتا، اس کو نہیں کھولنا ہے۔

## نقش برائے آسیب

آیۃ الکرسی شریف کا نقش مثمن حرفی نقش اس طرح لکھیں کہ اس کے اطراف میں حرز ابو دجانہ ہو۔ یہ گلے میں ڈالیں اور دونوں بازو پر باندھنے کے لئے آیت قطب و آیت غوث کے نقوش مثمن یا مربع لکھ کر دیں اور تاکید کر دیں کہ یہ نقوش پانی سے خراب نہ ہونے پائیں۔ لہٰذا غسل کے وقت اتار دیں۔ بعد غسل فوراً ڈال لیں۔

## پینے والے تعویذات

